اے اللہ سب تعریفیں تیرے لئے ہیں آسمانوں اور زمین اور جو جو مخلوق اسمیں آباد ہے

وَمَنْ فِيْهِنَّ وَلَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ مَلِكُ السَّمٰوٰتِ
ان سب کی ہستی برقرار رکھنے والا تو ہے اور سب تعریفیں تیری ہیں آسمانوں اور زمین اور جو

وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ وَلَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ نُوْرُ
مخلوق ان میں بستی ہے ان سب کا بادشاہ تو ہے اور سب تعریفیں تیری ہیں آسمانوں اور زمین

Marfat.com

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ وَلَكَ الْحَمْدُ

اور جو ان میں ہے اُن سب کا نور تو ہے اور سب تعریفیں تیری ہیں، دراصل موجود

اَنْتَ الْحَقُّ وَوَعْدُكَ حَقٌّ وَّلِقَاۗؤُكَ حَقٌّ وَّقَوْلُكَ

تو ہی ہے تیرا وعدہ ٹل نہیں سکتا، تیری ملاقات ضرور ہوتی ہے، تیرا فرمان برحق ہے

حَقٌّ وَّالْجَنَّةُ حَقٌّ وَّالنَّارُ حَقٌّ وَّالنَّبِيُّوْنَ حَقٌّ وَّ

جنت واقعی موجود ہے اور دوزخ بھی موجود ہے، تیرے جتنے نبی ہیں سب برحق ہیں

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ حَقٌّ وَّالسَّاعَةُ حَقٌّ

اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے برحق پیغمبر ہیں اور قیامت ضرور آنی ہے

اَللّٰهُمَّ لَكَ اَسْلَمْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ

اے اللہ میں نے تیرے سامنے اپنی گردن جھکادی اور میں نے تجھ کو دل سے مانا اور صرف تیری ہی ذات پر میں نے

وَاِلَيْكَ اَنَبْتُ وَبِكَ خَاصَمْتُ وَاِلَيْكَ حَاكَمْتُ

بھروسہ کیا اور صرف تیری ہی طرف متوجہ ہوا اور جس سے جھگڑا کیا تیری ہی مدد سے کیا (یعنی خیر میں) اور فیصلہ

وَاَنْتَ رَبُّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ فَاغْفِرْ لِيْ مَا قَدَّمْتُ

کیلئے تیری ہی طرف آیا تو ہی ہمارا پروردگار ہے اور پھر لوٹ کر (محشر میں) تیرے ہی سامنے آنا ہے اسلئے میرے سب

وَمَاۤ اَخَّرْتُ وَمَاۤ اَسْرَرْتُ وَمَاۤ اَعْلَنْتُ وَمَاۤ اَسْرَفْتُ

گناہ بخشدے جو میں نے پہلے کئے تھے اور جو بعد میں کئے جو چھپکر کئے اور جو کھلم کھلا کئے اور جو قصور کئے

وَمَاۤ اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ

اور جن کو تو مجھ سے زیادہ جاننے والا ہے تو ہی آگے کر دینے والا (اور توفیق سلب کرکے) پیچھے کر دینے والا ہے

الْمُؤَخِّرُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنْتَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

معبود کوئی نہیں سوائے تیرے اور بھلائی کرنیکی طاقت اور برائی سے بچنے کی کچھ قوت نہیں تیری توفیق کے بغیر

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَعَافِنِيْ وَاهْدِنِيْ وَارْزُقْنِيْ

اے اللہ مجھے بخشدے، مجھ پر رحم کر، مجھے چین دے مجھے ہدایت نصیب فرما، مجھے روزی دے

Marfat.com

وَاجْبُرْنِیْ وَارْفَعْنِیْ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ

میری کمی کو پورا کردے اور میرے رُتبہ کو بلند فرما کیونکہ جو نعمت تو نے مجھکو دی میں اس کا محتاج ہوں

اَللّٰھُمَّ رَبَّ جِبْرَئِیْلَ وَمِیْکَآئِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ

اے رب جبرئیل کے میکائیل و اسرافیل کے

فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ

اے پیدا کرنیوالے آسمانوں اور زمین کے، اے جاننے والے چھپے اور کھلے کے جن

اَنْتَ تَحْکُمُ بَیْنَ عِبَادِکَ فِیْمَا کَانُوْا فِیْہِ

باتوں میں (آج) تیرے بندے اختلاف کررہے ہیں قیامت میں تو ہی انکا

یَخْتَلِفُوْنَ ۝ اِھْدِنِیْ لِمَا اخْتُلِفَ فِیْہِ

فیصلہ فرمائیگا (اے اللہ) اختلافی باتوں میں تو اپنے حکم سے مجھے

مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِکَ اِنَّکَ تَھْدِیْ مَنْ

صحیح صحیح بات کی راہ دکھادے کیونکہ تو جس کو راہ راست

تَشَآءُ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ

دکھانا چاہے دکھا دیتا ہے۔

Marfat.com

# اَلْمَنْزِلُ الثَّانِیْ فِیْ یَوْمِ الْاَحَدِ

دوسری منزل یکشنبہ کی (یعنی اتوار کی)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے

اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ فِیْمَنْ ھَدَیْتَ وَعَافِنِیْ فِیْمَنْ عَافَیْتَ

اے اللہ جنکو تونے راہ راست پر لگایا ہے انکے ساتھ مجھے بھی راہ راست پر لگادے اور جنکو تو نے عافیت نصیب فرمائی اُنکے

وَتَوَلَّنِیْ فِیْمَنْ تَوَلَّیْتَ وَبَارِكْ لِیْ فِیْمَآ اَعْطَیْتَ

ساتھ مجھے بھی عافیت نصیب فرما اور جنکا تو کارساز بنا انکے ساتھ میرا بھی کارساز بنجا اور جو نعمتیں تو نے مجھکو عطا فرمائیں

وَقِنِیْ شَرَّ مَا قَضَیْتَ فَاِنَّكَ تَقْضِیْ وَلَا یُقْضٰی

انمیں برکت دے اور جو فیصلہ تو فرما چکا اسکے شر سے مجھے بچالے اگر میں اسپر راضی نہ ہوں اور بے صبری کروں کیونکہ تو ہی

عَلَیْكَ اِنَّهٗ لَا یَذِلُّ مَنْ وَّالَیْتَ وَلَا یَعِزُّ مَنْ

فیصلہ فرماتا ہے تیرے خلاف کوئی فیصلہ کرنیوالا نہیں جسکا تو کارساز ہو وہ ذلیل نہیں ہوسکتا اور جسکا تو دشمن ہو

عَادَیْتَ تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَیْتَ نَسْتَغْفِرُكَ وَ

وہ عزت نہیں پاسکتا، اے رب ہمارے تو برکت والا ہے اور بلند و برتر ہے ہم تجھ سے معافی مانگتے ہیں اور

نَتُوْبُ اِلَیْكَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ

تجھ سے ہی توبہ کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے "صلوٰۃ" ہو نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم پر

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ

اے اللہ مجھے بخشدے اور سب ایمان والے مسلمان مردوں اور ایمان والی مسلمان عورتوں کو

وَالْمُسْلِمَاتِ وَاَلِّفْ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ وَاَصْلِحْ ذَاتَ

بخشدے اور اُنکے دلوں میں اُلفت و محبت ڈالدے اور ان کے آپس کے معاملات درست

بَیْنِهِمْ وَانْصُرْهُمْ عَلٰی عَدُوِّكَ وَعَدُوِّهِمْ اَللّٰھُمَّ

فرمادے اور اُن کی مدد فرما اپنے اور ان کے دشمنوں کے مقابلہ میں اے اللہ

Marfat.com

الْعَنِ الْكَفَرَةَ الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِكَ وَ

ان کافروں پر لعنت فرما جو تیری راہ سے لوگوں کو روکتے ہیں اور تیرے

وَيُكَذِّبُوْنَ رُسُلَكَ وَيُقَاتِلُوْنَ اَوْلِيَآءَكَ اَللّٰهُمَّ

رسولوں کو جھٹلاتے ہیں اور تیرے نیک بندوں سے جنگ کرتے ہیں اے اللہ

خَالِفْ بَيْنَ كَلِمَتِهِمْ وَزَلْزِلْ اَقْدَامَهُمْ وَاَنْزِلْ بِهِمْ

اُن کے منصوبوں میں تو اختلاف ڈالدے اور اُنکے قدم ڈگمگادے اور ان پر اپنا وہ عذاب

بَأْسَكَ الَّذِىْ لَا تَرُدُّهٗ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ ○

نازل فرما جس کو تو مجرموں سے معاف نہیں فرماتا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام کے ساتھ جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْتَعِيْنُكَ وَنَسْتَغْفِرُكَ وَنَسْتَهْدِيْكَ وَ

اے اللہ ہم تجھ سے ہی مدد مانگتے ہیں اور تجھ سے ہی بخشش کے طلبگار ہیں اور تجھ سے ہدایت

نُؤْمِنُ بِكَ وَنَتُوْبُ اِلَيْكَ وَنَتَوَكَّلُ عَلَيْكَ وَ

کے طالب ہیں اور تجھ پر ایمان رکھتے ہیں اور تیری ہی طرف جھکتے ہیں اور تیری ہی ذات پر بھروسہ

نُثْنِىْ عَلَيْكَ الْخَيْرَ كُلَّهٗ وَنَشْكُرُكَ وَلَا نَكْفُرُكَ

کرتے ہیں اور تمام نعمتوں پر تیری تعریف کرتے ہیں اور تیرے شکر گذار ہیں اور تیری ناشکری نہیں کرتے

وَنَخْلَعُ وَنَتْرُكُ مَنْ يَّفْجُرُكَ اَللّٰهُمَّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ

اور ہم بے تعلق ہوتے ہیں اور چھوڑتے ہیں اسکو جو تیرا نافرمان ہو، اے اللہ ہم تیری ہی بندگی کرتے ہیں

لَكَ نُصَلِّىْ وَنَسْجُدُ وَاِلَيْكَ نَسْعٰى وَنَحْفِدُ وَنَرْجُوْ

اور خالص تیرے لئے نماز پڑھتے ہیں اور تجھ کو ہی سجدہ کرتے ہیں اور تیری ہی طرف دوڑتے ہیں اور

رَحْمَتَكَ وَنَخْشٰى عَذَابَكَ الْجِدَّ اِنَّ عَذَابَكَ

مستعد ہیں اور ہم تیری رحمت کے اُمید دار رہیں تیرے واقعی ہونیوالے عذاب سے ڈرتے ہیں کیونکہ تیرا

Marfat.com

اِنَّ عَذَابَكَ الْجِدَّ بِالْكُفَّارِ مُلْحِقٌ ۝
واقعی ہونیوالا عذاب کافروں کو ہو کر رہے گا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَبِمُعَافَاتِكَ
اے اللہ میں تیری (صفاتِ جلالیہ سے جمالی صفات کی پناہ لیتا ہوں) رضا مندی کی تیرے غصہ سے

مِنْ عُقُوْبَتِكَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ لَآ اُحْصِیْ ثَنَآءً
تیری معافی کی تیرے عذاب سے (غرضکہ) تجھ سے تیری ذات ہی کی پناہ لیتا ہوں میں تیری پوری تعریف

عَلَيْكَ اَنْتَ كَمَآ اَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ
نہیں کر سکتا بس تو ایسا ہی ہے جیسا خود تو نے اپنی تعریف فرمائی

اَللّٰهُمَّ رَبَّ جِبْرَئِيْلَ وَمِيْكَآئِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ وَ
اے رب جبرئیل و میکائیل و اسرافیل اور

مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ النَّارِ
محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے میں عذابِ دوزخ سے تیری پناہ کا طالب ہوں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ اَضِلَّ اَوْ اُضَلَّ اَوْ
اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں کہ میں کسی کو بہکاؤں یا مجھے کوئی بہکائے، خود لغزش

اَزِلَّ اَوْ اُزَلَّ اَوْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ اَوْ اَجْهَلَ اَوْ يُجْهَلَ عَلَيَّ
کھاؤں یا کسی دوسرے کو لغزش دوں، خود کسی پر ظلم کروں یا مجھ پر کوئی ظلم کرے اور خود کسی کیساتھ

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِیْ قَلْبِیْ نُوْرًا وَّفِیْ بَصَرِیْ نُوْرًا وَّفِیْ
نادانی کی بات کروں یا کوئی دوسرا میرے ساتھ کرے، اے اللہ میرے دل میں نور ڈالدے، میری

سَمْعِیْ نُوْرًا وَّعَنْ يَّمِيْنِیْ نُوْرًا وَّعَنْ شِمَالِیْ نُوْرًا وَّ
آنکھوں اور کان میں نور ڈالدے، میرے دائیں بائیں

مِنْ خَلْفِیْ نُوْرًا وَّمِنْ اَمَامِیْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ مِنْ فَوْقِیْ
پیچھے سامنے نور عطا فرما اور میرے اوپر سے اور میرے نیچے سے

Marfat.com

نُوْرًا وَّمِنْ تَحْتِیْ نُوْرًا۔ اَللّٰھُمَّ اَعْطِنِیْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ

(ہر سمت سے) نور ہی نور کر دے اے اللہ مجھے نور عطا فرما اور میرے لئے نور کر دے

لِّیْ نُوْرًا وَّفِیْ عَصَبِیْ نُوْرًا وَّفِیْ لَحْمِیْ نُوْرًا وَّ فِیْ

اور میرے پٹھوں میں نور پیدا فرما دے میرے گوشت میں نور میرے

دَمِیْ نُوْرًا وَّفِیْ شَعْرِیْ نُوْرًا وَّفِیْ بَشَرِیْ نُوْرًا وَّفِیْ

خون میں نور، میرے بالوں میں نور میری کھال میں نور میری

لِسَانِیْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ فِیْ نَفْسِیْ نُوْرًا وَّاَعْظِمْ لِیْ

زبان میں نور اور میری جان میں نور بخش دے اور مجھ کو نور عظیم عطا کر دے (بس)

نُوْرًا وَّاجْعَلْنِیْ نُوْرًا

از سرتاپا نور ہی نور بنا دے

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لَنَآ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَسَھِّلْ لَنَا

اے اللہ ہمارے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے اور اپنے (مقدر کردہ)

اَبْوَابَ رِزْقِكَ

رزق کے دروازوں (تک رسائی) آسان فرما دے

اَللّٰھُمَّ اعْصِمْنِیْ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ ۝

اے اللہ مجھے شیطان مردود سے بچا لے

اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ لِاَحْسَنِ الْاَخْلَاقِ لَا یَھْدِیْ

اے اللہ مجھے اچھے اچھے اخلاق نصیب فرما کیونکہ تیرے سوا اچھے اخلاق کوئی

لِاَحْسَنِھَآ اِلَّآ اَنْتَ وَاصْرِفْ عَنِّیْ سَیِّئَھَا لَا یَصْرِفُ

نہیں دکھا سکتا اور برے اخلاق مجھ سے دور کر دے کیونکہ تیرے سوا

عَنِّیْ سَیِّئَھَآ اِلَّآ اَنْتَ

برے اخلاق کوئی دور نہیں کر سکتا

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ بَاعِدْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ خَطَایَایَ کَمَا بَاعَدْتَّ

اے اللہ میرے اور میری غلطیوں کے درمیان اتنا (لمبا) فاصلہ کردے جتنا کہ

بَیْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ

مشرق و مغرب کے درمیان ہے (یعنی زیادہ سے زیادہ)

اَللّٰھُمَّ اغْسِلْ خَطَایَایَ بِالْمَآءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَ

اے اللہ میری غلطیوں کو دھودے پانی سے بارانی برف سے اور اولے سے اور

نَقِّنِیْ مِنَ الْخَطَایَا کَمَا نَقَّیْتَ الثَّوْبَ الْاَبْیَضَ

غلطیوں سے اس طرح صاف و ستھرا کردے جیسا سفید کپڑے کو میل

مِنَ الدَّنَسِ

کچیل سے صاف کردیتا ہے

اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ مِلْأَ السَّمٰوٰتِ وَمِلْأَ الْاَرْضِ

اے اللہ تیری تعریف آسمانوں اور زمین کی برابر اور

وَمِلْأَ مَا بَیْنَھُمَا وَمِلْأَ مَا شِئْتَ مِنْ شَیْءٍ بَعْدُ

اس کے درمیان جو فاصلہ ہے وہ بھر کر اور جس کو تو چاہے اس کی مقدار بھر

اَھْلُ الثَّنَآءِ وَالْکِبْرِیَآءِ وَالْمَجْدِ اَحَقُّ مَا قَالَ

تعریف، بڑائی اور شرف کا مستحق تو ہی ہے جو جو بندوں نے

الْعَبْدُ وَکُلُّنَا لَکَ عَبْدٌ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَیْتَ وَلَا

کہا اور ہم سب تیرے بندے ہی ہیں ان میں سب سے درست بات یہ ہے کہ جو نعمت تو

مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا رَآدَّ لِمَا قَضَیْتَ وَلَا یَنْفَعُ

بخشدے پھر اسکا روکنے والا کوئی نہیں اور جو تو روک لے پھر اسکا دینے والا کوئی نہیں اور جو تو فیصلہ

ذَا الْجَدِّ مِنْکَ الْجَدُّ

فرمادے پھر اسکا ٹالنے والا کوئی نہیں اور تیرے سامنے کسی مالدار کو اسکی دولت کچھ کام نہیں دیتی (بلکہ

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ کُلَّہٗ دِقَّہٗ وَجِلَّہٗ وَاَوَّلَہٗ وَ

وہاں اچھے اعمال کی پوچھ ہے) اے اللہ میرے سب گناہ بخشدے جو ان میں چھوٹے ہوں اور جو

اٰخِرَہٗ وَعَلَانِیَتَہٗ وَسِرَّہٗ

بڑے، جو پہلے ہوں اور جو پچھلے اور جو کھلے ہوئے ہوں اور جو چھپے ہوئے ہوں

رَبِّ اَعْطِ نَفْسِیْ تَقْوٰھَا وَزَکِّھَا اَنْتَ خَیْرُ مَنْ

اے میرے رب تو میرے نفس کو اس کے مقدر کا تقویٰ نصیب فرمادے اور اسکو عیبوں سے

زَکّٰھَا اَنْتَ وَلِیُّھَا وَمَوْلٰھَا

پاک وصاف کردے تو سب سے بہتر اسکا پاک وصاف کرنیوالا ہی تو ہی اسکا کارساز ہی اور تو ہی اسکا مالک ہی

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ ظُلْمًا کَثِیْرًا وَّلَا یَغْفِرُ

اے اللہ میں نے اپنی جان پر بڑا ظلم ڈھایا ہے اور گناہ کوئی نہیں

الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ فَاغْفِرْلِیْ مَغْفِرَۃً مِّنْ عِنْدِکَ

بخشتا سوائے تیرے لہٰذا تو ہی اپنے دربار سے مجھے بخشش عطا فرما اور

وَارْحَمْنِیْ اِنَّکَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ○

مجھ پر رحم کھا کیونکہ تو بڑا بخشنے والا اور بڑا رحم والا ہے

اَللّٰھُمَّ حَاسِبْنِیْ حِسَابًا یَّسِیْرًا اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ

اے اللہ مجھ سے ہلکا سا حساب لینا اے اللہ میں تجھ سے ساری بھلائیاں

مِنَ الْخَیْرِ کُلِّہٖ مَا عَلِمْتُ مِنْہُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ وَاَعُوْذُبِکَ

مانگتا ہوں جو میں جانتا ہوں اور جو نہیں جانتا اور تیری پناہ لیتا ہوں

مِنَ الشَّرِّ کُلِّہٖ مَا عَلِمْتُ مِنْہُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ

ہر برائی سے جو میں جانتا ہوں اور جو نہیں جانتا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ مِنْ خَیْرِ مَا سَاَلَکَ بِہٖ

اے اللہ جو جو بھلائیاں تیرے نیک بندوں نے تجھ سے مانگی ہیں وہ

Marfat.com

عِبَادُكَ الصّٰلِحُوْنَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا عَاذَ مِنْهُ

لی ہے ہیں اور جن جن برائیوں سے تیری پناہ میں بھی مانگتا ہوں

عِبَادُكَ الصّٰلِحُوْنَ

بھی اُن سے تیری پناہ لیتا ہوں

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً

اے اللہ ہم کو دنیا میں بھلائی دے اور آخرت میں اور

وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○

ہم کو دوزخ کے عذاب سے بچالے

رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○

اے ہمارے پروردگار تحقیق ہم تجھ کو دل سے مان چکے لہذا ہمیں بخشدے اور دوزخ کے عذاب سے بچالے

رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا

اے ہمارے پروردگار جو وعدے اپنے رسولوں کے ذریعہ سے تو نے ہمارے ساتھ کیے ہیں وہ پورے

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ○

فرمانا اور قیامت کے دن ہم کو رسوا نہ کرنا، بے شبہ تو وعدہ خلافی نہیں کرتا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ

اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں جہنم کے عذاب سے اور تیری پناہ لیتا ہوں قبر کے عذاب سے

عَذَابِ الْقَبْرِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ وَاَعُوْذُ بِكَ

اور تیری پناہ لیتا ہوں اُس دجّال کے فتنہ سے جسکی ایک آنکھ خراب ہوگی اور تیری پناہ لیتا ہوں

مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْمَاْثَمِ وَالْمَغْرَمِ

زندگی اور موت کے وقت کے فتنہ سے اور تیری پناہ لیتا ہوں گناہ سے اور تاوان اُٹھانے سے

اَللّٰهُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰى ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ

اے اللہ میری مدد فرما اپنی یاد کرنے میں، اپنے شکر کرنے میں اور اچھی طرح اپنی عبادت کرنے میں

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ اَنَا شَهِيدٌ اِنَّكَ اَنْتَ

اے اللہ ہمارے رب اور ہر چیز کے رب میں گواہ ہوں اس پر کہ بس

الرَّبُّ وَحْدَكَ لَا شَرِيكَ لَكَ

رب تو اکیلا ہے تیرا شریک کوئی نہیں

اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ اَنَا شَهِيدٌ اَنَّ مُحَمَّدًا

اے اللہ ہمارے رب اور ہر چیز کے رب میں گواہ ہوں اس پر کہ محمد

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَبْدُكَ وَرَسُولُكَ

صلی اللہ علیہ وسلم تیرے بندے ہیں اور تیرے رسول ہیں

اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ اَنَا شَهِيدٌ اَنَّ الْعِبَادَ

اے اللہ ہمارے رب اور ہر چیز کے رب میں گواہ ہوں اس پر کہ سب

كُلُّهُمْ اِخْوَةٌ

بندے آپس میں بھائی بھائی ہیں

اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ اِجْعَلْنِي مُخْلِصًا لَكَ

اے اللہ ہمارے رب اور ہر چیز کے رب مجھ کو اپنا اخلاص والا بندہ بنالے اور

وَاَهْلِي فِي كُلِّ سَاعَةٍ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ذَا الْجَلَالِ

میرے گھر والوں کو بھی دنیا اور آخرت کی ہر ساعت میں اے بزرگی اور

وَالْاِكْرَامِ اِسْمَعْ وَاسْتَجِبْ اَللّٰهُ اَكْبَرُ الْاَكْبَرُ

شرف والے (میری دعا) سن لے اور قبول فرمالے، اللہ کی ذات ہر بڑے سے بڑی ہے

اَللّٰهُ نُورُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ الْاَكْبَرُ

اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے اللہ کی ذات ہر بڑے سے بڑی ہے

حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ الْاَكْبَرُ

اللہ مجھ کو کافی ہے اور وہ کیا خوب کارساز ہے اللہ کی ذات ہر بڑے سے بڑی ہے

Marfat.com

اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِيْ دِيْنِيَ الَّذِيْ هُوَ عِصْمَةُ اَمْرِيْ وَ

اے اللہ میرا دین سنوار دے جس میں میرے ہر کام کی حفاظت ہے اور

اَصْلِحْ لِيْ دُنْيَايَ الَّتِيْ فِيْهَا مَعَاشِيْ وَاَصْلِحْ لِيْ اٰخِرَتِيْ

میری دنیا درست کر دے جس میں میرا گذران ہے اور میری آخرت درست

الَّتِيْ فِيْهَا مَعَادِيْ وَاَحْيِنِيْ مَا كَانَتِ الْحَيٰوةُ خَيْرًا

فرمادے جس میں مجھے لوٹ کر جانا ہے اور مجھے زندہ رکھ جب تک میرے لئے زندگی اچھی ہو

لِّيْ وَتَوَفَّنِيْ اِذَا كَانَتِ الْوَفَاةُ خَيْرًا لِّيْ وَاجْعَلِ الْحَيٰوةَ

اور دنیا سے اٹھالینا جب میرے لئے موت بہتر ہو اور میری زندگی کو ہر بھلائی میں زیادتی کا

زِيَادَةً لِّيْ فِيْ كُلِّ خَيْرٍ وَّاجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَةً لِّيْ مِنْ كُلِّ شَرٍّ

موجب بنادے اور موت کو ہر برائی سے راحت کا باعث بنادے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْاَلُكَ رِزْقًا طَيِّبًا وَّ عِلْمًا نَّافِعًا وَّ

اے اللہ میں تجھ سے حلال اور صاف روزی مانگتا ہوں اور ایسا علم جو نفع بخش ہو اور

عَمَلًا مُّتَقَبَّلًا

وہ عمل جو تیرے دربار میں مقبول ہو

اَللّٰهُمَّ اَشْبَعْتَ وَاَرْوَيْتَ فَهَنِّئْنَا وَرَزَقْتَنَا

اے اللہ تو نے ہم کو شکم سیر کیا اور سیراب کیا تو اب ہمارے لئے اسکو مبارک فرما (یعنی کھانا پینا

فَاَكْثَرْتَ وَاَطَبْتَ فَزِدْنَا

جسم کو لگے) اور تو نے ہم کو روزی دی اور پاکیزہ دی تو اب اس کو اور زیادہ عنایت فرما

اَللّٰهُمَّ قَنِّعْنِيْ بِمَا رَزَقْتَنِيْ وَبَارِكْ لِيْ فِيْهِ وَاخْلُفْ

اے اللہ جو تو نے ہم کو دیا ہے اس پر قناعت عطا فرما اور اسمیں برکت دے اور جو چیز مجھ

عَلٰى كُلِّ غَائِبَةٍ لِّيْ بِخَيْرٍ

سے غائب ہے اب میری بجائے تو اسکا نگراں بنجا (یعنی میرے اہل وعیال اور میرے مال کا)

Marfat.com

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ اَنْتَ الْاَعَزُّ الْاَكْرَمُ

اے میرے رب مجھے بخشدے اور مجھ پر رحم فرما تو سب سے بڑھ کر غلبہ والا اور بزرگی والا ہے

اَللّٰهُمَّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ وَيَسِّرْ لِيْ اَمْرِيْ وَاَعُوْذُ بِكَ

اے اللہ میرا سینہ کھولدے اور میرا کام مجھے آسان کردے اور میں تیری پناہ لیتا ہوں

مِنْ وَسَاوِسِ الصَّدْرِ وَشَتَاتِ الْاَمْرِ وَفِتْنَةِ الْقَبْرِ

دل کے وسوسوں سے اور معاملات کی پریشانی سے اور قبر کے فتنہ سے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا يَلِجُ فِي اللَّيْلِ وَ

اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں ہر اس آفت کی برائی سے جو رات میں آئے اور ہر اس

مِنْ شَرِّ مَا يَلِجُ فِي النَّهَارِ وَمِنْ شَرِّ مَا تَهُبُّ بِهِ الرِّيَاحُ

آفت کی برائی سے جو دن میں آئے اور ہر اس آفت سے جو ہواؤں کے ساتھ اڑتی ہے

اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ بِالْهُدٰى وَنَقِّنِيْ بِالتَّقْوٰى وَاغْفِرْ لِيْ

اے اللہ مجھے راہ راست بتلادے اور تقویٰ عنایت فرما کر صاف ستھرا کردے

فِي الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى

اور دنیا اور آخرت میں مجھ کو بخشدے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ عِلْمًا نَّافِعًا وَّرِزْقًا وَّاسِعًا وَّ

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں نفع دینے والا علم، کشادہ روزی اور

شِفَاءً مِّنْ كُلِّ دَاءٍ

ہر بیماری سے پوری شفاء

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ عَضُدِيْ وَنَصِيْرِيْ بِكَ اَحُوْلُ وَبِكَ

اے اللہ تو ہی میرا قوت بازو اور میرا مددگار ہے تجھ ہی سے قوت حاصل کرتا ہوں اور تیری ہی مدد

اَصُوْلُ وَبِكَ اُقَاتِلُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ

سے دشمن پر حملہ کرتا ہوں اور تیری ہی مدد سے اس سے جنگ کرتا ہوں اور مجھ میں نہ کو بھلائی

مگر تیری طاقت سے اور نہ برائی سے بچنے کی قوت مگر تیری ہی مدد سے

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كُلُّهٗ لَا قَابِضَ لِمَا بَسَطْتَ وَلَا

اے اللہ ساری تعریف تیری ہے جس کا رزق تو وسیع کردے پھر اسکا تنگ کرنیوالا کوئی نہیں

بَاسِطَ لِمَا قَبَضْتَ وَلَا هَادِيَ لِمَنْ اَضْلَلْتَ وَلَا

اور جس کا رزق تو تنگ فرمادے پھر اسکا وسیع کرنیوالا کوئی نہیں جس کو تو گمراہ کرے پھر اسکا

مُضِلَّ لِمَنْ هَدَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا

ہدایت کرنیوالا کوئی نہیں اور جس کو تو ہدایت نصیب فرمادے پھر اسکا گمراہ کرنیوالا کوئی نہیں۔ جو

مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ وَلَا مُقَرِّبَ لِمَا بَاعَدْتَّ وَلَا

نعمت تو روک لے پھر اسکا دینے والا کوئی نہیں اور جو دیدے پھر اسکا روکنے والا کوئی نہیں جس چیز کو تو دور

مُبَاعِدَ لِمَا قَرَّبْتَ

کردے پھر اسکا قریب کرنیوالا کوئی نہیں اور جس کو قریب کردے پھر اسکا دور کرنیوالا کوئی نہیں

اَللّٰهُمَّ ابْسُطْ عَلَيْنَا مِنْ بَرَكَاتِكَ وَرَحْمَتِكَ

اے اللہ تو ہم پر اپنی برکتوں، اپنی رحمت، اپنے فضل

وَفَضْلِكَ وَرِزْقِكَ

اور اپنے دئے ہوئے رزق میں فراغت اور فراخی نصیب فرما

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْۤ اَسْاَلُكَ النَّعِيْمَ الْمُقِيْمَ الَّذِيْ لَا

اے اللہ میں تجھ سے ہمیشہ ہمیشہ رہنے والی نعمت مانگتا ہوں جو کبھی

يَحُوْلُ وَلَا يَزُوْلُ

نہ واپس لیجائے اور نہ کبھی زائل ہو

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْۤ اَسْاَلُكَ الْاَمْنَ يَوْمَ الْخَوْفِ

اے اللہ میں تجھ سے خوف کے دن (یعنی قیامت میں) امن کا طالب ہوں

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ عَآئِذٌ بِكَ مِنْ شَرِّ مَآ اَعْطَيْتَنَا وَمِنْ

اے اللہ جو تونے ہم کو دیا ہے میں اسکے شر سے تیری پناہ لیتا ہوں اور جو ہم کو نہیں دیا

Marfat.com

شَرِّ مَا مَنَعْتَنَا

اُس کے شر سے بھی تیری پناہ لیتا ہوں

اَللّٰھُمَّ حَبِّبْ اِلَیْنَا الْاِیْمَانَ وَ زَیِّنْهُ فِیْ قُلُوْبِنَا وَ

اے اللہ ہمارے دلوں میں ایمان کی محبت ڈالدے اور اسکو ہمارے دلوں کی زینت بنادے

کَرِّهْ اِلَیْنَا الْکُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْیَانَ وَاجْعَلْنَا

اور نفرت ڈالدے ہمارے دلوں میں کفر، گناہ اور نافرمانی کی اور ہم کو

مِنَ الرَّاشِدِیْنَ

نیک راہ پر چلنے والوں میں بنالے

اَللّٰھُمَّ تَوَفَّنَا مُسْلِمِیْنَ وَ اَلْحِقْنَا بِالصّٰلِحِیْنَ غَیْرَ

اے اللہ ہم کو دُنیا سے اسلام پر اُٹھانا اور نیک بندوں کے ساتھ ملادے کہ نہ رُسوا

خَزَایَا وَلَا مَفْتُوْنِیْنَ

ہوں اور نہ اُن میں سے ہوں جو فتنہ میں مبتلا ہوئے

اَللّٰھُمَّ قَاتِلِ الْکَفَرَةَ الَّذِیْنَ یُکَذِّبُوْنَ رُسُلَكَ وَ

اے اللہ تو جنگ کران کافروں سے جو تیرے رسول کو جھٹلاتے ہیں اور

یَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِیْلِكَ وَاجْعَلْ عَلَیْهِمْ رِجْزَكَ

تیرے راستہ سے لوگوں کو باز رکھتے ہیں اور ان کو اپنی جانب سے سختی اور عذاب

وَعَذَابَكَ اِلٰهَ الْحَقِّ اٰمِیْنَ

میں گرفتار کر۔ اے معبود برحق یہ دُعا قبول فرما

اَللّٰھُمَّ مُنْزِلَ الْکِتٰبِ وَمُجْرِیَ السَّحَابِ وَھَازِمَ

اے اللہ کتاب کے اُتارنے والے اور بادلوں کو چلانے والے اور دشمن کے

الْاَحْزَابِ اهْزِمْهُمْ وَانْصُرْنَا عَلَیْهِمْ

لشکروں کو شکست دینے والے تو کافروں کو شکست دے اور ہم کو ان پر غالب کردے

Marfat.com

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ

اے اللہ ہم ان کے مقابلہ میں بس تیری ذات پاک کو کرتے ہیں اور انکے مکر سے تیری پناہ لیتے ہیں

اَللّٰهُمَّ رَحْمَتَكَ اَرْجُوْا فَلَا تَكِلْنِیْٓ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَةَ

اے اللہ میں صرف تیری رحمت کا آسرا رکھتا ہوں تو مجھے پل جھپکنے کی برابر بھی میرے نفس کے

عَیْنٍ وَّاَصْلِحْ لِیْ شَاْنِیْ كُلَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ یَا حَیُّ

حوالہ نہ کر اور میرے سب کام آسان فرما دے۔ معبود کوئی نہیں تیرے سوا اے سدا زندہ رہنے

یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ

والے اور سب جہان کی ہستی کے قائم رکھنے والے تیری رحمت کی دہائی ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ وَابْنُ اَمَتِكَ

اے اللہ میں خود تیرا بندہ ہوں اور تیرے بندہ کا بیٹا ہوں اور تیری لونڈی کی اولاد ہوں میری

نَاصِیَتِیْ بِیَدِكَ مَاضٍ فِیَّ حُكْمُكَ عَدْلٌ فِیَّ

پیشانی کے بال تیرے ہاتھ میں ہیں (یعنی تیرے پورے پورے قبضہ میں ہوں) میرے حق

قَضَآؤُكَ اَسْاَلُكَ بِكُلِّ اسْمٍ هُوَ لَكَ سَمَّیْتَ بِهٖ

میں جو فیصلہ بھی تیرا ہو وہ نافذ ہونیوالا ہے اور تیرا جو حکم ہے وہ سب انصاف ہی انصاف ہے

نَفْسَكَ وَاَنْزَلْتَهٗ فِیْ كِتَابِكَ اَوْ عَلَّمْتَهٗ اَحَدًا مِّنْ

اور میں تیرے ہر اس نام کے وسیلہ سے تجھ سے سوال کرتا ہوں جو تو نے خود اپنی ذات پاک

خَلْقِكَ اَوِ اسْتَاْثَرْتَ بِهٖ فِیْ عِلْمِ الْغَیْبِ عِنْدَكَ

کا مقرر فرمایا ہے یا اپنی کتاب کیساتھ اسکو اُتارا ہے یا اپنی مخلوق میں (بذریعہ الہام) جس کو بھی

اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ الْعَظِیْمَ رَبِیْعَ قَلْبِیْ وَنُوْرَ بَصَرِیْ

تو نے بتایا ہے یا خاص اپنے ہی علم غیب میں اسکو پوشیدہ رکھا ہے کہ تو قرآن عظیم کو میرے دل

وَجِلَآءَ حُزْنِیْ وَذَهَابَ هَمِّیْ

کی بہار، میری آنکھ کا نور، میرے غم کا دُور کرنیوالا اور میرے فکر کے ازالہ کا سبب بنا دے

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ لَا سَھْلَ اِلَّا مَا جَعَلْتَہٗ سَھْلًا وَّ اَنْتَ تَجْعَلُ

اے اللہ آسان بات بس وہی ہے جس کو تو آسان بنادے اور جب تو چاہتا ہے تو

الْحَزْنَ سَھْلًا اِذَا شِئْتَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ

مشکل کو آسان بنادیتا ہے، معبود کوئی نہیں صرف تو، بڑا بُردبار ، بڑے کرم والا ہے

سُبْحَانَ اللّٰہِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ

اللہ تعالیٰ کی ذات جملہ عیوب سے پاک ہے جو عرشِ عظیم کا رب ہے، تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کیلئے ہیں جو تمام

الْعٰلَمِیْنَ ○ اَسْاَلُکَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِکَ وَعَزَآئِمَ

جہانوں کا رب ہے میں تجھ سے مانگتا ہوں وہ تمام اسباب جو تیری رحمت کیلئے لازم ہوں اور وہ سب

مَغْفِرَتِکَ وَالْعِصْمَۃَ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّالْغَنِیْمَۃَ مِنْ

اسباب جن سے تیری مغفرت یقینی ہوجائے اور ہر عیب کی بات سے حفاظت کا طالب ہوں اور

کُلِّ بِرٍّ وَّالسَّلَامَۃَ مِنْ کُلِّ اِثْمٍ لَا تَدَعْ لِیْ ذَنْبًا

ہر نیکی کا مالِ غنیمت اور ہر گناہ سے سلامتی مانگتا ہوں کوئی میرا گناہ باقی نہ چھوڑ

اِلَّا غَفَرْتَہٗ وَلَا ھَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَہٗ وَلَا کَرْبًا اِلَّا

جس کو تو بخش نہ دے اور نہ کوئی فکر جس سے تو رہائی نہ دیدے اور نہ کوئی کڑھن جسکو تو دُور

نَفَّسْتَہٗ وَلَا ضُرًّا اِلَّا کَشَفْتَہٗ وَلَا حَاجَۃً ھِیَ لَکَ

نہ فرمادے اور نہ کوئی تکلیف جس کا تو ازالہ نہ فرمادے اور نہ کوئی ایسی ضرورت جو تیری رضامندی

رِضًی اِلَّا قَضَیْتَھَا یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ○

کا سبب ہو جس کو تو پورا نہ فرمادے، اے رحم کرنیوالوں میں سب سے بڑھکر رحم کرنیوالے

Marfat.com

# اَلْمَنْزِلُ الثَّالِثُ فِیْ یَوْمِ الْاِثْنَیْنِ

تیسری منزل دوشنبہ کی یعنی پیر کی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِیْ بِتَرْكِ الْمَعَاصِیْ اَبَدًا مَّآ اَبْقَیْتَنِیْ

اے اللہ مجھ پر تو مہربانی فرما تاکہ جب تک تو مجھے زندہ رکھے میں ہمیشہ کیلئے گناہوں کو چھوڑ دوں

وَارْحَمْنِیْٓ اَنْ اَتَكَلَّفَ مَا لَا یَعْنِیْنِیْ وَارْزُقْنِیْ

اور مجھ پر رحم فرما کہ ایسے کاموں میں نہ پڑوں جو میرے مطلب کے نہ ہوں اور

حُسْنَ النَّظَرِ فِیْمَا یُرْضِیْكَ عَنِّیْ

مجھے ان باتوں کی فکر نصیب فرما جو تجھ کو مجھ سے خوش رکھیں

اَللّٰهُمَّ بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ذَا الْجَلَالِ

اے اللہ آسمانوں اور زمین کے بنانے والے اے بزرگی اور بخشش

وَالْاِكْرَامِ وَالْعِزَّةِ الَّتِیْ لَا تُرَامُ اَسْاَلُكَ یَآ اَللّٰهُ

والے اور ایسی عزت والے جس کے حاصل ہونیکا کسی کو وہم وگمان بھی نہیں ہو سکتا، اے

یَا رَحْمٰنُ بِجَلَالِكَ وَنُوْرِ وَجْهِكَ اَنْ تُلْزِمَ قَلْبِیْ

اللہ اے سب سے بڑھکر مہربان میں تیری بزرگی اور تیرے رخِ انور کا واسطہ دیکر تجھ سے یہ سوال کرتا

حِفْظَ كِتَابِكَ كَمَا عَلَّمْتَنِیْ وَارْزُقْنِیْٓ اَنْ اَتْلُوَهٗ عَلَی النَّحْوِ

ہوں کہ جیسا تو نے مجھے اپنی کتاب مقدس کا علم عنایت فرمایا ہے ایسا ہی میرے دل کو اسکا

الَّذِیْ یُرْضِیْكَ عَنِّیْ

حفظ کرنا بھی نصیب کردے اور مجھ کو اسکی تلاوت کرنی اسطرح میسر فرمادے جس سے تو مجھ سے خوش ہو جائے

اَللّٰهُمَّ بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

اے اللہ آسمانوں اور زمین کے بنانیوالے، اے بزرگی وبخشش والے، اور ایسی

Marfat.com

وَالْعِزَّةِ الَّتِیْ لَا تُرَامُ اَسْأَلُكَ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ

عزت والے جسکا وہم وگمان بھی کسی کو نہیں ہوسکتا، اے اللہ اے سب سے بڑھکر مہربان میں

بِجَلَالِكَ وَنُوْرِ وَجْهِكَ اَنْ تُنَوِّرَ بِكِتَابِكَ بَصَرِیْ

تیری بزرگی کا واسطہ دیکر تیرے روئے انور کا واسطہ دیکر یہ مانگتا ہوں کہ تو اپنی کتاب سے میری آنکھیں

وَاَنْ تُطْلِقَ بِهٖ لِسَانِیْ وَاَنْ تُفَرِّجَ بِهٖ عَنْ قَلْبِیْ وَ

منور کر اور میری زبان پر اسکو جاری کردے اور اس کی برکت سے میرے دل سے غم دُور کردے اور

اَنْ تَشْرَحَ بِهٖ صَدْرِیْ وَاَنْ تَسْتَعْمِلَ بِهٖ بَدَنِیْ

میرا سینہ کھولدے اور میرے سارے بدن کو اس پر عمل کرنے میں لگادے

فَاِنَّهٗ لَا يُعِيْنُنِیْ عَلَى الْحَقِّ غَيْرُكَ وَلَا يُؤْتِيْهِ اِلَّا

کیونکہ صحیح بات میں سوا تیرے میری مدد کوئی نہیں کریگا اور نہ اسکو سوا تیرے کوئی اور دیگا نہ مجھ

اَنْتَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِيْمِ ۝

میں بھلائی کرنیکی طاقت ہے اور نہ بُرائی سے بچنے کی قوت مگر صرف اللہ بلند و برتر کی توفیق سے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَتُوْبُ اِلَيْكَ مِنَ الْمَعَاصِیْ لَا اَرْجِعُ

اے اللہ میں تیری جناب میں اپنی تمام نافرمانیوں سے توبہ کرتا ہوں اب

اِلَيْهَا اَبَدًا

کبھی پھر ایسا نہیں کروں گا

اَللّٰهُمَّ مَغْفِرَتُكَ اَوْسَعُ مِنْ ذُنُوْبِیْ وَرَحْمَتُكَ

اے اللہ تیری بخشش میرے گناہوں سے کہیں زیادہ گنجائش رکھتی ہے اور تیری رحمت

اَرْجٰی عِنْدِیْ مِنْ عَمَلِیْ

میرے عملوں سے کہیں زیادہ اُمید کے لائق ہے

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنَّا

اے اللہ ترا نام عفو یعنی بڑی بخشش کرنیوالا تو معاف کرنا پسند کرتا ہے لہٰذا ہم سب کو معاف کردے

Marfat.com

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَ اَغْنِنِيْ

اے اللہ حرام کے بدلے تو مجھے میری ضرورت کے مناسب حلال روزی عطا فرما اور

بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ

اپنے فضل سے اپنے ماسوا سے بے نیاز کر دے

اَللّٰهُمَّ فَارِجَ الْهَمِّ كَاشِفَ الْغَمِّ مُجِيْبَ دَعْوَةِ

اے اللہ فکر کے دُور کرنے والے، رنج کے زائل کرنیوالے، مجبوروں کی پکار سننے والے

الْمُضْطَرِّيْنَ رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَ رَحِيْمَهُمَا

اے دُنیا اور آخرت میں سب سے بڑے مہربان اور رحم کھانے والے

اَنْتَ تَرْحَمُنِيْ فَارْحَمْنِيْ بِرَحْمَةٍ تُغْنِيْنِيْ بِهَا عَنْ

بس تو ہی مجھ پر رحم فرمائے گا تو مجھ پر ایسی رحمت فرمادے کہ تیرے سوا مجھے

رَّحْمَةِ مَنْ سِوَاكَ

کسی دوسرے کی مہربانی کی ضرورت نہ ہے

اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَ

اے آسمانوں اور زمین کے پروردگار پوشیدہ اور کھلے کے جاننے والے

الشَّهَادَةِ اِنِّيْ اَعْهَدُ اِلَيْكَ فِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

میں اس دنیا کی زندگی میں تجھ سے پکا وعدہ کرتا ہوں اس بات پر کہ میں دل

اَنِّيْ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ وَ

سے گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں بس تو ایک ہے تیرا کوئی شریک نہیں اور

اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ فَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ فَاِنَّكَ

دل سے گواہی دیتا ہوں کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں، پس تو مجھ کو

اِنْ تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ تُقَرِّبْنِيْ مِنَ الشَّرِّ وَ تُبَاعِدْنِيْ

میرے نفس کے سپرد نہ فرما کیونکہ اگر تو مجھ کو خود میرے نفس کے حوالہ کر دیگا تو یقیناً (اسکا نتیجہ یہ ہوگا کہ وہ) برائی سے مجھ کو

Marfat.com

مِنَ الْخَيْرِ وَاِنِّىْ لَآ اَثِقُ اِلَّا بِرَحْمَتِكَ فَاجْعَلْ لِّىْ

قریب کردیگا اور بھلائی سے دُور ڈالدیگا مجھے بس تیری ہی رحمت پر بھروسہ ہے اسلئے

عِنْدَكَ عَهْدًا تُوَفِّيْنِيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّكَ لَا

اپنے یہاں (بخشش اور رحمت کا) عہد فرما جسکو قیامت کے دن پورا فرمانا یقیناً

تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝

تو وعدہ خلافی نہیں کرتا

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَىُّ الْقَيُّوْمُ

میں اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگتا ہوں اور اسی کے سامنے توبہ کرتا ہوں جسکے سوا

وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ

معبود کوئی نہیں اور جو ہمیشہ خود زندہ رہنے والا اور ساری مخلوق کی ہستی کو قائم رکھنے والا ہے۔

رَبِّ اغْفِرْلِىْ وَتُبْ عَلَىَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝

اے میرے پروردگار مجھ کو بخشدے اور میری توبہ قبول فرمالے کیونکہ تیرا نام تواب اور رحیم ہے

(یعنی سب سے بڑھکر توبہ کو قبول کرنے والا اور رحم کرنے والا)

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَالْجُبْنِ

اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں عجز اور کاہلی بزدلی اور

وَالْهَرَمِ وَالْمَغْرَمِ وَالْمَاْثَمِ

سخت بڑھاپے، مفت کا تاوان بھرنے اور گناہ سے

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ النَّارِ وَفِتْنَةِ

اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں دوزخ کے عذاب اور اس کی آزمائش سے

النَّارِ وَفِتْنَةِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ وَشَرِّ فِتْنَةِ

قبر کی آزمائش اور اس کے عذاب سے مالداری کی آزمائش

الْغِنٰى وَشَرِّ فِتْنَةِ الْفَقْرِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْقَسْوَةِ

کے شر سے اور فقیری کی آزمائش کے شر سے (یعنی نہ مال کی آزمائش میں پڑوں اور نہ تنگدستی

Marfat.com

وَالْغَفْلَةِ وَالْعَيْلَةِ وَالذِّلَّةِ وَالْمَسْكَنَةِ وَاَعُوْذُبِكَ

کی) اور تیری پناہ لیتا ہوں سخت دل ہونے اور غفلت سے اور حد درجہ احتیاج اور ذلت و خواری

مِنَ الْفَقْرِ وَالْكُفْرِ وَالْفُسُوْقِ وَالشِّقَاقِ وَالسُّمْعَةِ

سے، اور تیری پناہ لیتا ہوں محتاجی سے، کفر، نافرمانی اور ہٹ دھرمی سے اور شہرت اور

وَالرِّيَآءِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الصَّمَمِ وَالْبَكَمِ وَالْبَرَصِ

دکھاوے کے لئے عمل کرنے سے اور تیری پناہ لیتا ہوں بہرے اور گونگے ہونے سے،

وَالْجُنُوْنِ وَالْجُذَامِ وَسَيِّئِ الْاَسْقَامِ

جسم پر سفید داغ پڑنے، دیوانگی اور کوڑھ سے اور بقیہ جتنی خراب خراب بیماریاں ہیں سب سے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ بِعِزَّتِكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں تیری عزت کے صدقہ میں معبود کوئی نہیں صرف تو ہے

اَنْ تُضِلَّنِيْ اَنْتَ الْحَيُّ الَّذِيْ لَايَمُوْتُ وَالْجِنُّ

اس بات سے کہ تو مجھ کو گمراہ کردے تو ہمیشہ زندہ رہنے والا ہے کبھی فنا ہونیوالا نہیں اور تیرے

وَالْاِنْسُ يَمُوْتُوْنَ

سوا جنات ہوں یا انسان سب ایک دن مرنیوالے ہیں

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوْذُبِكَ مِنْ جُهْدِ الْبَلَآءِ وَدَرْكِ الشَّقَآءِ

اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں آزمائش کی سختی اور بدبختی کی گرفت سے اور اس بات سے کہ تقدیر

وَسُوْٓءِ الْقَضَآءِ وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَآءِ

کے فیصلوں سے میرے دل میں تنگی پیدا ہو اور دشمنوں کے ہنسی اُڑانے سے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا عَلِمْتُ وَمِنْ

اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں ان چیزوں کی بُرائی سے جن کو میں جانتا ہوں اور

شَرِّ مَا لَمْ اَعْلَمْ

اُن کی بُرائی سے بھی جن کو میں نہیں جانتا

Marfat.com

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا عَمِلْتُ وَمِنْ

اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں اس عمل کے بُرے نتیجہ سے جو میں نے کیا ہے

شَرِّ مَا لَمْ اَعْمَلْ

اور اس سے بھی جو میں نے نہیں کیا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِكَ وَتَحَوُّلِ

اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں اس بات سے کہ تیری موجودہ نعمت جاتی رہے اور تیری

عَافِيَتِكَ وَفُجَاءَةِ نِقْمَتِكَ وَجَمِيْعِ سَخَطِكَ

عافیت مجھ سے اپنا رُخ پھیرے اور تیرے ناگہانی عذاب سے اور تیرے تمام غصہ کے اسباب سے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ سَمْعِیْ وَمِنْ شَرِّ بَصَرِیْ

اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں اپنے کان کی بُرائی سے، آنکھ کی بُرائی

وَمِنْ شَرِّ لِسَانِیْ وَمِنْ شَرِّ قَلْبِیْ وَمِنْ شَرِّ مَنِیِّیْ

سے ازبان کی بُرائی سے اقلب کی بُرائی سے (یعنی غیبت سننے، بدنظری، ناجائز گفتگو اور کینہ وغیرہ سے)

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْهَدْمِ وَاَعُوْذُ بِكَ

اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں اس بات سے کہ میرے اوپر مکان وغیرہ آگرے یا میں مکان

مِنَ التَّرَدِّیْ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْغَرَقِ وَالْحَرَقِ

وغیرہ سے نیچے آگروں اور تیری پناہ لیتا ہوں پانی میں ڈوب جانے یا آگ وغیرہ میں جل جانے

وَالْهَرَمِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ يَّتَخَبَّطَنِیَ الشَّيْطَانُ

سے اور سخت بڑھاپے سے، اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں اس بات سے کہ مرتے وقت شیطان

عِنْدَ الْمَوْتِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ اَمُوْتَ

مجھ کو ورغلائے اور بہکائے اور تیری پناہ لیتا ہوں اس بات سے کہ جہاد میں پیٹھ موڑ کر مروں

فِیْ سَبِيْلِكَ مُدْبِرًا وَّاَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ اَمُوْتَ لَدِيْغًا

اور تیری پناہ لیتا ہوں اس بات سے کہ زہریلے جانوروں کے ڈسنے سے مروں

* اور میری منی کی بُرائی سے کہ اس کے ہیجان سے زنا کی رغبت ہو)

Marfat.com

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ مُّنْكَرَاتِ الْاَخْلَاقِ

اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں ناپسندیدہ اخلاق سے، بُرے اعمال سے

وَالْاَعْمَالِ وَالْاَهْوَآءِ وَالْاَدْوَآءِ

نفسانی خواہشات سے اور تمام بیماریوں سے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا سَاَلَكَ مِنْهُ

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں وہ سب اچھی اچھی باتیں جو تیرے

نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَعُوْذُ بِكَ

نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے تجھ سے مانگی ہیں اور ان تمام بُری بُری

مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَكَ مِنْهُ نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ

باتوں کے شر سے پناہ لیتا ہوں جن سے تیرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے تیری

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَعَلَيْكَ الْبَلَاغُ

پناہ لی ہے تو ہی وہ ذات ہے جس سے مدد مانگی جاتی ہے، تیرا کام حق پہنچا دینا

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

ہے اور اللہ تعالیٰ کی مدد کے بغیر نہ کسی میں نیکی کرنے کی طاقت ہے نہ برائی سے بچنے کی قوت

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ جَارِ السُّوْٓءِ فِیْ دَارِ

اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں بُرے پڑوس سے اپنے سکونت کے گھر میں کیونکہ

الْمُقَامَةِ فَاِنَّ جَارَ الْبَادِيَةِ يَتَحَوَّلُ وَمِنَ

جنگل (یعنی سفر) کا پڑوسی تو چلا بھی جاتا ہے (اور سکونت کے گھر والا دیرپا ہوتا ہے) اور

الْجُوْعِ فَاِنَّهٗ بِئْسَ الضَّجِيْعُ وَمِنَ الْخِيَانَةِ فَاِنَّهَا

بھوک کی شدت سے کیونکہ وہ بستر کی بری رفیق ہے اور خیانت سے کیونکہ

بِئْسَتِ الْبِطَانَةُ

وہ انسان کے اندرون کی بُری خصلت ہے

Marfat.com

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عِلْمٍ لَّا یَنْفَعُ وَ قَلْبٍ

اے اللہ میں پناہ لیتا ہوں ایسے علم سے جو نفع نہ دے اور ایسے قلب سے جو تجھ

لَّا یَخْشَعُ وَ دُعَآءٍ لَّا یُسْمَعُ وَ نَفْسٍ لَّا تَشْبَعُ

سے نہ ڈرے اور ایسی دُعا سے جس کی شنوائی نہ ہو اور ایسے حریص نفس سے جسکی نیت نہ

وَمِنْ هٰٓؤُلَآءِ الْاَرْبَعِ

بھرے غرض ان چاروں باتوں سے

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوْذُ بِكَ اَنْ نَّرْجِعَ عَلٰٓى اَعْقَابِنَا اَوْ

اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں اس بات سے کہ خود ہم پھر کفر کی طرف اُلٹے پاؤں واپس

نُفْتَنَ عَنْ دِیْنِنَا

ہوں یا اپنے دین میں مخالفین کی جانب سے فتنہ میں ڈالے جائیں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ یَوْمِ السُّوْٓءِ وَمِنْ لَّیْلَةِ

اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں بُرے دن اور بُری رات سے

السُّوْٓءِ وَمِنْ سَاعَةِ السُّوْٓءِ وَمِنْ صَاحِبِ السُّوْٓءِ

اور ہر بُری گھڑی سے اور بُرے ساتھی سے

وَمِنْ جَارِ السُّوْٓءِ فِیْ دَارِ الْمُقَامَةِ

اور اپنے سکونت کے گھر کے بُرے پڑوسی سے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الشِّقَاقِ وَالنِّفَاقِ

اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں ضد سے نفاق سے

وَسُوْٓءِ الْاَخْلَاقِ

اور تمام بُرے اخلاق سے

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ جِدِّیْ وَهَزْلِیْ وَخَطَاٰیَ وَعَمْدِیْ

اے اللہ میرے سب گناہ بخشدے خواہ وہ میں نے گناہ کرنیکے ارادے سے کئے

Marfat.com

وَكُلُّ ذٰلِكَ عِنْدِي

ہوں یا ہنسی مذاق میں بھول چوک کر کے کئے ہوں یا جان بوجھ کر اور یہ سب ہی قسم کے گناہ میری گردن پر ہیں

اَللّٰهُمَّ مُصَرِّفَ الْقُلُوْبِ صَرِّفْ قُلُوْبَنَا عَلٰى طَاعَتِكَ

اے اللہ اے دلوں کے پھیر دینے والے تو ہمارے دلوں کو اپنی فرمانبرداری کیطرف پھیر دے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْاَلُكَ الْهُدٰى وَالتُّقٰى وَالْعَفَافَ

اے اللہ میں تجھ سے ہدایت، پرہیزگاری پاکبازی اور تیرے ماسوا سے بے نیازی کا طالب ہوں

وَالْغِنٰى رَبِّ اَعِنِّيْ وَلَا تُعِنْ عَلَيَّ وَانْصُرْنِيْ وَلَا

اے میرے پروردگار میری مدد فرما اور میرے خلاف کسی کی مدد نہ فرما، مجھ کو کامیاب کر اور

تَنْصُرْ عَلَيَّ وَامْكُرْ لِيْ وَلَا تَمْكُرْ عَلَيَّ وَاهْدِنِيْ لِهُدٰى

میرے دشمن کو مجھ پر کامیاب نہ کر میرے لئے خفیہ تدبیر فرما اور میرے مخالف کیلئے تدبیر نہ فرما

وَيَسِّرِ الْهُدٰى لِيْ وَانْصُرْنِيْ عَلٰى مَنْ بَغٰى عَلَيَّ رَبِّ

مجھے ہدایت دے اور میرے لئے ہدایت کا راستہ آسان کر دے اور جو شخص مجھ پر ظلم کرے اُسکے مقابلہ

اجْعَلْنِيْ لَكَ ذَكَّارًا لَّكَ شَكَّارًا لَّكَ رَهَّابًا لَّكَ

میں میری مدد فرما۔ اے میرے پروردگار مجھ کو بنالے مبالغہ کیساتھ اپنی یاد کرنیوالا اپنا بڑا

مِطْوَاعًا لَّكَ مُخْبِتًا اِلَيْكَ اَوَّاهًا مُّنِيْبًا رَبِّ تَقَبَّلْ

شکرگذار اپنے سے بہت ڈرنے والا اپنا بہت فرمانبردار اپنی طرف گڑگڑانیوالا اور آہ و زاری کے

تَوْبَتِيْ وَاغْسِلْ حَوْبَتِيْ وَاَجِبْ دَعْوَتِيْ وَثَبِّتْ

ساتھ متوجہ ہونیوالا، اے میرے پروردگار میری توبہ قبول کرلے میرے گناہ دھو ڈال میری دعا

حُجَّتِيْ وَسَدِّدْ لِسَانِيْ وَاهْدِ قَلْبِيْ وَاسْلُلْ

قبول فرما، میری حجت مضبوط کر دے میری زبان کو سیدھا رکھ میرے دل کو راہِ راست پر لگا

سَخِيْمَةَ صَدْرِيْ

اور میرے دل کی سوزش (یعنی کینہ) نکالدے

Marfat.com

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَارْضَ عَنَّا وَتَقَبَّلْ مِنَّا

اے اللہ ہم کو بخشدے ہم پر رحم فرما ہم سے راضی ہوجا ہمارے اعمال قبول کرلے اور

وَاَدْخِلْنَا الْجَنَّةَ وَنَجِّنَا مِنَ النَّارِ وَاَصْلِحْ لَنَا

ہم کو جنت میں داخل کر اور ہمیں عذاب دوزخ سے نجات دے اور ہماری

شَأْنَنَا كُلَّهٗ

ساری حالتیں درست کردے

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَسْاَلُكَ الثَّبَاتَ فِى الْاَمْرِ وَاَسْاَلُكَ

اے اللہ میں تجھ سے دین پر مضبوطی کے ساتھ قائم رہنے کا طالب ہوں اور نیکی پر پختہ

عَزِيْمَةَ الرُّشْدِ وَاَسْاَلُكَ شُكْرَ نِعْمَتِكَ وَحُسْنَ

ارادہ مانگتا ہوں اور تیری نعمت پر شکر گذاری اور تیری عبادت کو حسن وخوبی

عِبَادَتِكَ وَاَسْاَلُكَ لِسَانًا صَادِقًا وَّقَلْبًا سَلِيْمًا

کے ساتھ ادا کرنیکا طالب ہوں اور سچی زبان شکوک وشبہات سے پاک صاف دل اور

وَّخُلُقًا مُّسْتَقِيْمًا وَّاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا تَعْلَمُ وَ

مستقیم عادتیں مانگتا ہوں اور تیری پناہ لیتا ہوں ان باتوں کی برائی سے جنکو تو جانتا ہے

اَسْاَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا تَعْلَمُ وَاَسْتَغْفِرُكَ مِمَّا تَعْلَمُ

اور تجھ سے مانگتا ہوں ان باتوں کی بھلائی جن کا تجھ کو علم ہے اور جو گناہ تیرے علم میں ہوں

اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ۝

ان سے بخشش کا طالب ہوں یقیناً تو پوشیدہ باتوں کا پورا پورا جاننے والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ اَلِّفْ بَيْنَ قُلُوْبِنَا وَاَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِنَا

اے اللہ تو ہمارے دلوں میں باہم محبت پیدا کردے اور ہماری آپس کی رنجشوں کی

وَاهْدِنَا سُبُلَ السَّلَامِ وَنَجِّنَا مِنَ الظُّلُمَاتِ

اصلاح فرمادے اور ہم کو سلامتی کے راستے دکھلا اور نور عطا فرما کر تاریکیوں سے

Marfat.com

إِلَى النُّوْرِ وَجَنِّبْنَا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا

نجات دے اور بے حیائیوں سے ہم کو بچائے جو ان میں کھلی ہوئی ہیں اور جو

بَطَنَ وَبَارِكْ لَنَا فِي أَسْمَاعِنَا وَأَبْصَارِنَا وَقُلُوْبِنَا

پوشیدہ ہیں اور ہمارے کانوں میں اور آنکھوں میں اور دلوں میں

وَأَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّتِنَا وَتُبْ عَلَيْنَا إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ

اور ہماری بیبیوں میں اور بچوں میں برکت عطا فرما اور ہماری توبہ قبول کر کیونکہ تو ہی سب سے

الرَّحِيْمُ ○ وَاجْعَلْنَا شَاكِرِيْنَ لِنِعْمَتِكَ مُثْنِيْنَ بِهَا

بڑا توبہ قبول کرنیوالا اور مہربان ہے۔ اور ہم کو اپنی نعمتوں کا شکر گذار اور ان پر تعریف کرنیوالا اور

قَابِلِيْهَا وَأَتِمَّهَا عَلَيْنَا

اسکا قبول کرنیوالا بنادے اور ہمارے اوپر اپنی نعمت پوری فرمادے

اَللّٰهُمَّ اقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْيَتِكَ مَا تَحُوْلُ بِهٖ بَيْنَنَا وَبَيْنَ

اے اللہ ہمیں نصیب فرما اپنا اتنا خوف جس کی وجہ سے تو ہمارے درمیان اور اپنی نافرمانیوں کے درمیان

مَعَاصِيْكَ وَمِنْ طَاعَتِكَ مَا تُبَلِّغُنَا بِهٖ جَنَّتَكَ وَ

حائل ہو جائے اور اپنی اتنی فرمانبرداری عطا فرما جس کے سبب تو ہم کو اپنی جنت تک پہنچادے اور وہ

مِنَ الْيَقِيْنِ مَا تُهَوِّنُ بِهٖ عَلَيْنَا مَصَائِبَ الدُّنْيَا وَمَتِّعْنَا

یقین دے جس کی وجہ سے تو دُنیا کی مصیبتوں کا جھیلنا ہم پر آسان کردے اور جب تک ہم کو زندہ رکھے

بِأَسْمَاعِنَا وَأَبْصَارِنَا وَقُوَّتِنَا مَا أَحْيَيْتَنَا وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ

ہمارے کانوں اور ہماری آنکھوں اور ہماری قوت سے ہم کو فائدہ اٹھانے کا موقع عطا فرما اور ہماری

مِنَّا وَاجْعَلْ ثَأْرَنَا عَلٰى مَنْ ظَلَمَنَا وَانْصُرْنَا عَلٰى مَنْ عَادَانَا

زندگی تک ان کو قائم رکھکر ہمارا وارث بنا اور ہمارا بدلہ صرف ان لوگوں میں دائر کردے جو ہم پر ظلم کریں، اور

وَلَا تَجْعَلْ مُصِيْبَتَنَا فِيْ دِيْنِنَا وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْيَا أَكْبَرَ هَمِّنَا

ہماری مدد فرما ان لوگوں کے مقابلے میں جو ہم سے دشمنی رکھیں اور ہماری مصیبت ہمارے دین پر نہ ڈال اور دُنیا

Marfat.com

وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا مَنْ لَّا يَرْحَمُنَا

کو ہمارا بڑا مقصد نہ بنا، اور نہ اسکو ہمارے علم کی انتہا پرواز بنا اور جو ہمارے اوپر رحم نہ کھائے اُسکو ہم پر مسلط نہ فرما۔

اَللّٰهُمَّ زِدْنَا وَلَا تَنْقُصْنَا وَاَكْرِمْنَا وَلَا تُهِنَّا وَاَعْطِنَا وَلَا

الٰہی ہم کو بہت دے اور کم نہ کر اور ہمیں عزت دے اور ذلیل نہ کر اور ہم کو عطا فرما اور محروم نہ رکھ اور ہم کو ترجیح دے

تَحْرِمْنَا وَاٰثِرْنَا وَلَا تُؤْثِرْ عَلَيْنَا وَاَرْضِنَا عَنْكَ وَارْضَ عَنَّا

اور ہم پر دوسروں کو ترجیح نہ دے اور ہم کو اپنے سے راضی کر دے اور تو ہم سے راضی ہو جا۔

اَللّٰهُمَّ اَلْهِمْنِيْ رُشْدِيْ وَاَعِذْنِيْ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ

الٰہی میری بھلائی میرے دل میں ڈال دے اور مجھ کو میرے نفس کی بدی سے بچالے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْاَلُكَ فِعْلَ الْخَيْرَاتِ وَتَرْكَ

الٰہی میں تجھ سے مانگتا ہوں اچھے کاموں کا کرنا اور بُرے کاموں کا

الْمُنْكَرَاتِ وَحُبَّ الْمَسَاكِيْنِ وَاَنْ تَغْفِرَ لِيْ وَتَرْحَمَنِيْ

چھوڑ دینا اور مسکینوں کی محبت اور یہ بات بھی کہ تو مجھ کو بخشدے اور مجھ پر رحم فرما

وَاِذَآ اَرَدْتَّ بِقَوْمٍ فِتْنَةً فَتَوَفَّنِيْ غَيْرَ مَفْتُوْنٍ

اور جب تو کسی قوم کی آزمائش کا ارادہ فرمائے تو مجھ کو آزمائے بغیر اُٹھالینا۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْاَلُكَ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ يُّحِبُّكَ

الٰہی میں تجھ سے مانگتا ہوں تیری محبت اور اُس شخص کی محبت جو تجھ سے محبت

وَالْعَمَلَ الَّذِيْ يُبَلِّغُنِيْ حُبَّكَ

رکھتا ہو اور وہ کام جو مجھ کو تیری محبت نصیب کریں

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ اِلَيَّ مِنْ نَفْسِيْ وَاَهْلِيْ

الٰہی میرے دل میں اپنی محبت اپنی جان، اپنے گھر والے اور ٹھنڈے پانی کی

وَمِنَ الْمَآءِ الْبَارِدِ

محبت سے بھی زیادہ پیاری بنادے

Marfat.com

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ يَّنْفَعُنِيْ حُبُّهٗ عِنْدَكَ

الٰہی مجھ کو اپنی محبت دے اور اُسکی محبت دے جس کے ساتھ محبت میرے لئے تیرے دربار میں کار آمد ہو

اَللّٰهُمَّ فَكَمَا رَزَقْتَنِيْ مِمَّآ اُحِبُّ فَاجْعَلْهُ قُوَّةً

الٰہی جیسا تو نے مجھ کو میری پسندیدہ نعمتیں عطا فرمادیں تو اب اِن کو

لِّيْ فِيْمَا تُحِبُّ

تو ایسے کاموں کے ادائگی میں قوت کا باعث بھی بنادے جو تجھ کو پسند ہوں

اَللّٰهُمَّ وَمَا زَوَيْتَ عَنِّيْ مِمَّآ اُحِبُّ فَاجْعَلْهُ فَرَاغًا

الٰہی جن میری پسندیدہ نعمتوں کو تو نے مجھ سے روک لیا ہے تو اب توان کے خیال سے بھی

لِّيْ فِيْمَا تُحِبُّ يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِيْ

میرے دل کو خالی کر کے ایسے کاموں میں لگادے جو تجھ کو پسند ہوں۔ اے دِلوں

عَلٰى دِيْنِكَ

کے پلٹنے والے میرے دل کو اپنے دین پر جمائے رکھ

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ اِيْمَانًا لَّا يَرْتَدُّ وَنَعِيْمًا لَّا يَنْفَدُ

الٰہی میں تجھ سے ایسا ایمان مانگتا ہوں جو نہ چھوٹے اور اس نعمت کا طالب ہوں جو ختم نہ

وَمُرَافَقَةَ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ

ہو، اور اپنے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی رفاقت چاہتا ہوں جنت

اَعْلٰى دَرَجَةِ الْجَنَّةِ جَنَّةِ الْخُلْدِ

کے سب سے اونچے درجے میں جو ہمیشہ رہنے کی جنت ہے

اَللّٰهُمَّ انْفَعْنِيْ بِمَا عَلَّمْتَنِيْ وَعَلِّمْنِيْ مَا يَنْفَعُنِيْ وَزِدْنِيْ عِلْمًا

الٰہی جو علم تو نے مجھ کو سکھایا ہے اُس سے تو مجھ کو نفع بھی دینا اور وہ علم سکھلا جو مجھ کو نفع ہی نفع

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ وَّاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ حَالِ اَهْلِ النَّارِ

دے اور مجھ کو اور زیادہ علم عطا فرما، تمام تعریف اللہ تعالیٰ کیلئے ہے ہر حالت میں اور میں

اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتا ہوں دوزخیوں کے حال سے

Marfat.com

اَللّٰهُمَّ بِعِلْمِكَ الْغَيْبَ وَقُدْرَتِكَ عَلَى الْخَلْقِ اَحْيِنِيْ

الٰہی اپنے علم غیب کی برکت سے اور مخلوق پر اپنی قدرت کے

مَا عَلِمْتَ الْحَيٰوةَ خَيْرًا لِّيْ وَتَوَفَّنِيْٓ اِذَا عَلِمْتَ الْوَفَاةَ

وسیلے سے مجھ کو زندہ رکھنا اُس وقت تک جب تک تو میری زندگی میرے

خَيْرًا لِّيْ وَاَسْاَلُكَ خَشْيَتَكَ فِي الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ

لئے بہتر جانے اور مجھ کو اُٹھالینا اسوقت جب تو میرے لئے مرنا بہتر جانے، الٰہی میں تجھ

وَكَلِمَةَ الْاِخْلَاصِ فِي الرِّضَا وَالْغَضَبِ وَاَسْاَلُكَ

سے مانگتا ہوں تیرا ڈر غائب اور حاضر ہر حالتمیں اور اخلاص کی بات خوشی میں بھی اور غصہ

الْقَصْدَ فِي الْفَقْرِ وَالْغِنٰى وَاَسْاَلُكَ نَعِيْمًا لَّا يَنْفَدُ وَقُرَّةَ

میں بھی، اور تجھ سے میانہ روی کا طالب ہوں تنگدستی میں بھی اور دولتمندی میں بھی، اور تجھ سے مانگتا ہوں

عَيْنٍ لَّا تَنْقَطِعُ وَاَسْاَلُكَ الرِّضَا بِالْقَضَآءِ وَبَرْدَ الْعَيْشِ

وہ نعمت جو ختم نہ ہو اور آنکھ کی وہ ٹھنڈک جو زائل نہ ہو اور تجھ سے تیرے حکم پر خوش رہنا، اور مرنے کے بعد

بَعْدَ الْمَوْتِ وَلَذَّةَ النَّظَرِ اِلٰى وَجْهِكَ وَالشَّوْقَ اِلٰى لِقَآئِكَ

آرام کی زندگی مانگتا ہوں اور تیرے روئے (انور) کے دیدار کی لذت اور تیری ملاقات کے شوق کا طلبگار ہوں

وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ ضَرَّآءَ مُضِرَّةٍ وَّفِتْنَةٍ مُّضِلَّةٍ

اور تیری پناہ لیتا ہوں ایسی مصیبت سے جو نقصان رساں ہو اور ایسے فتنے سے جو گمراہ کردے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْاَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ كُلِّهٖ عَاجِلِهٖ وَاٰجِلِهٖ

الٰہی میں تجھ سے ہر بھلائی مانگتا ہوں جو جلدی ملنے والی ہو اور جو دیر میں ملنے والی ہو اور

مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الشَّرِّ

جسکو میں جانتا ہوں اور جسکو نہیں جانتا اور تجھ سے تمام بُرائیوں سے پناہ چاہتا ہوں

كُلِّهٖ عَاجِلِهٖ وَاٰجِلِهٖ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ

جو جلدی ملنے والی ہیں اور جو دیر میں ملنے والی ہیں جسکو میں جانتا ہوں اور جس کو نہیں جانتا

Marfat.com

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ الْجَنَّةَ وَمَا قَرَّبَ اِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ

اے اللہ میں تجھ سے جنت مانگتا ہوں اور ہر وہ قول و عمل جو مجھ کو اس سے قریب کردے

اَوْ عَمَلٍ وَّاَعُوْذُبِكَ مِنَ النَّارِ وَمَا قَرَّبَ اِلَيْهَا مِنْ

اور تیری پناہ لیتا ہوں دوزخ کے عذاب سے اور ہر اس قول و عمل سے جو مجھ کو اس

قَوْلٍ اَوْ عَمَلٍ وَّ اَسْاَلُكَ اَنْ تَجْعَلَ كُلَّ قَضَاۤءٍ

سے قریب کردے اور تجھ سے سوال کرتا ہوں یہ کہ تو ہر فیصلہ میرے حق میں

لِّیْ خَيْرًا وَّ اَسْاَلُكَ مَا قَضَيْتَ لِیْ مِنْ اَمْرٍ اَنْ

بہتر کردے اور تجھ سے یہ سوال کرتا ہوں کہ جو فیصلہ بھی تو میرے حق میں فرماچکا

تَجْعَلَ عَاقِبَتَهٗ رُشْدًا

ہو تو اس کا انجام بہتر بنادینا

اَللّٰهُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِی الْاُمُوْرِ كُلِّهَا وَاَجِرْنَا

الٰہی ہمارے تمام کاموں کا انجام بہتر فرما اور ہم کو دنیا کی

مِنْ خِزْیِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَةِ

رُسوائی اور آخرت کے عذاب سے پناہ دینا

اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِیْ بِالْاِسْلَامِ قَآئِمًا وَّاحْفَظْنِیْ بِالْاِسْلَامِ

الٰہی میری نگرانی فرمانا اسلام پر قائم رکھ کر جب میں کھڑا ہوں، اور میری نگرانی فرمانا

قَاعِدًا وَّاحْفَظْنِیْ بِالْاِسْلَامِ رَاقِدًا وَّلَا تُشْمِتْ

اسلام پر قائم رکھ کر جب میں بیٹھا ہوں، اور جب سوتا ہوں اور مجھ پر کسی دشمن

بِیْ عَدُوًّا وَّلَا حَاسِدًا

یا حاسد کو ہنسی اُڑانے کا موقع نہ دینا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ مِنْ كُلِّ خَيْرٍ خَزَآئِنُهٗ بِيَدِكَ

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں ہر قسم کی بھلائی جس کے خزانے تیرے ہاتھ میں ہیں

Marfat.com

وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ كُلِّ شَرٍّ خَزَآئِنُهٗ بِيَدِكَ وَاَعُوْذُ بِكَ

اور تیری پناہ لیتا ہوں تمام بُرائیوں سے جن کے خزانے تیرے ہاتھ میں ہیں اور تیری پناہ

مِنْ شَرِّ مَآ اَنْتَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِيَتِهٖ

لیتا ہوں اُس چیز کے شر سے بھی جس کی پیشانی کو تو نے پکڑ رکھا ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْاَلُكَ عِيْشَةً نَّقِيَّةً وَّمِيْتَةً سَوِيَّةً

الٰہی میں تجھ سے چاہتا ہوں صاف زندگانی اور آسان موت

وَّمَرَدًّا غَيْرَ مُخْزٍ وَّلَا فَاضِحٍ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ ضَعِيْفٌ

اور ایسی لوٹنے کی جگہ جہاں نہ رسوائی ہو نہ خواری، الٰہی میں کمزور ہوں تو اپنی رضا جوئی

فَقَوِّ فِیْ رِضَاكَ ضَعْفِیْ وَخُذْ لِی الْخَيْرَ بِنَاصِيَتِیْ وَ

میں میری کمزوری کو قوت سے بدل دے اور بھلائی کی طرف میری پیشانی پکڑ کر لے چل

اجْعَلِ الْاِسْلَامَ مُنْتَهٰى رِضَآئِیْ

اور اسلام کو میری خوشی کا مرکز بنا دے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ ضَعِيْفٌ فَقَوِّنِیْ وَاِنِّیْ ذَلِيْلٌ فَاَعِزَّنِیْ

الٰہی میں تو کمزور ہوں تو مجھے قوی بنا دے، میں تو ذلیل ہوں تو مجھے عزت والا بنا دے

وَاِنِّیْ فَقِيْرٌ فَارْزُقْنِیْ

میں تو محتاج ہوں تو مجھے رزق عطا فرما

Marfat.com

# اَلْمَنْزِلُ الرَّابِعُ فِیْ یَوْمِ الثُّلٰثَاءِ

چوتھی منزل سہ شنبہ کی (یعنی منگل کی)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْۤ اَسْاَلُكَ خَیْرَ الْمَسْاَلَةِ وَخَیْرَ الدُّعَاءِ

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں سب سے اچھا سوال اور اچھی دعا

وَخَیْرَ النَّجَاحِ وَخَیْرَ الْعَمَلِ وَخَیْرَ الثَّوَابِ وَخَیْرَ

اور عمدہ سے عمدہ کامیابی اور نیک عمل اور عمدہ ثواب اور عمدہ سے عمدہ

الْحَیٰوةِ وَخَیْرَ الْمَمَاتِ وَثَبِّتْنِیْ وَثَقِّلْ مَوَازِیْنِیْ

زندگی اور اچھی سے اچھی موت اور یہ بات کہ مجھے ثابت قدم رکھ اور میری نیکیوں کا پلہ بھاری

وَحَقِّقْ اِیْمَانِیْ وَارْفَعْ دَرَجَتِیْ وَتَقَبَّلْ صَلَاتِیْ وَاغْفِرْ

کردے اور میرا ایمان مضبوط فرما اور میرا درجہ بلند کر اور میری نماز قبول فرما اور میرے گناہ

خَطِیْٓئَتِیْ وَاَسْاَلُكَ الدَّرَجَاتِ الْعُلٰی مِنَ الْجَنَّةِ اٰمِیْن

بخشدے اور تجھ سے جنت کے اونچے اونچے درجوں کا طالب ہوں ۔ آمین

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْۤ اَسْاَلُكَ فَوَاتِحَ الْخَیْرِ وَخَوَاتِمَهٗ وَ

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں نیک عمل کی ابتدائیں اور اس کی انتہائیں اور

جَوَامِعَهٗ وَكَوَامِلَهٗ وَاَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ وَظَاهِرَهٗ وَ

اسکے خلاصے اور اسکی پورا اور کامل کرنیوالی چیزیں اور اسکا اول اور اسکا آخر اسکا ظاہر

بَاطِنَهٗ وَالدَّرَجَاتِ الْعُلٰی مِنَ الْجَنَّةِ اٰمِیْن

اور اسکا باطن اور جنت کے اونچے اونچے درجے ۔ آمین

اَللّٰھُمَّ نَجِّنِیْ مِنَ النَّارِ وَاغْفِرْ لِیْ مَغْفِرَةً بِاللَّیْلِ وَ

اے اللہ دوزخ کی آگ سے مجھے نجات عطا فرما اور مجھے بخشدے ایسی بخشش جو رات میں بھی

Marfat.com

النَّهَارِ وَالْمَنْزِلَ الصَّالِحَ مِنَ الْجَنَّةِ اٰمِيْنَ

ہو اور دن میں بھی اور جنت میں عمدہ مکان نصیب فرما۔ آمین

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْاَلُكَ خَلَاصًا مِّنَ النَّارِ سَالِمًا وَّ

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں چھٹکارا دوزخ کی آگ سے سلامتی کے ساتھ اور

اَنْ تُدْخِلَنِي الْجَنَّةَ اٰمِنًا

یہ بات کہ مجھ کو جنت میں داخل فرما امن کیساتھ (یعنی بغیر عذاب دیئے)

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْاَلُكَ خَيْرَ مَآ اٰتِيْ وَخَيْرَ مَآ اَفْعَلُ وَ

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں بھلائی اپنے کردار اور اپنے ہر فعل اور عمل کی اور

خَيْرَ مَآ اَعْمَلُ وَخَيْرَ مَا بَطَنَ وَخَيْرَ مَا ظَهَرَ وَ

جو چیزیں پوشیدہ ہیں اور جو ظاہر ہو چکی ہیں اور

الدَّرَجَاتِ الْعُلٰى مِنَ الْجَنَّةِ اٰمِيْنَ

بلند درجے جنت کے۔ آمین

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْاَلُكَ اَنْ تَرْفَعَ ذِكْرِيْ وَتَضَعَ وِزْرِيْ

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں کہ میرا ذکر بلند فرما اور میرے گناہ (میری گردن سے) اُتار دے

وَتُصْلِحَ اَمْرِيْ وَتُطَهِّرَ قَلْبِيْ وَتُحَصِّنَ فَرْجِيْ وَ

اور میرے کام درست فرما اور میرے دل کو پاک کر دے اور میری شرمگاہ کو محفوظ رکھ اور

تُنَوِّرَ لِيْ فِيْ قَبْرِيْ وَتَغْفِرَ لِيْ ذَنْبِيْ وَاَسْاَلُكَ الدَّرَجَاتِ

میری قبر کو منور کر دے اور میرے گناہ بخشدے اور میں تجھ سے مانگتا ہوں

الْعُلٰى مِنَ الْجَنَّةِ اٰمِيْنَ

جنت کے بلند درجے (آمین)

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْاَلُكَ اَنْ تُبَارِكَ لِيْ فِيْ سَمْعِيْ وَفِيْ

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں کہ تو مجھ کو برکت عطا فرما میری سماعت میں، میری

Marfat.com

بَصَرِيْ وَفِيْ رُوْحِيْ وَفِيْ خَلْقِيْ وَفِيْ خُلُقِيْ وَفِيْ اَهْلِيْ وَ

بصارت میں، میری روح میں، میری شکل وصورت میں، میری عادت میں، میری بیوی بچوں

فِيْ مَالِيْ وَفِيْ مَحْيَايَ وَفِيْ مَمَاتِيْ وَفِيْ عَمَلِيْ

یں، میرے مال میں اور میری زندگی میں، میری موت میں اور میرے عمل میں

اَللّٰهُمَّ وَتَقَبَّلْ حَسَنَاتِيْ وَاَسْاَلُكَ الدَّرَجَاتِ الْعُلٰى

اے اللہ میری نیکیاں قبول فرما اور میں تجھ سے جنت میں اونچے

مِنَ الْجَنَّةِ اٰمِيْنَ

درجوں کا طالب ہوں۔ آمین

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ اَوْسَعَ رِزْقِكَ عَلَيَّ عِنْدَ كِبَرِ سِنِّيْ

اے اللہ میرا سب سے زیادہ فراغت کا رزق میرے بڑھاپے اور میری

وَانْقِطَاعِ عُمْرِيْ يَا مَنْ لَّا تَرَاهُ الْعُيُوْنُ وَلَا تُخَالِطُهُ

آخر عمر میں مقدر فرما دے اے وہ ذات جسکو آنکھیں نہیں دیکھ پاتیں اور جسکو خیالات

الظُّنُوْنُ وَلَا يَصِفُهُ الْوَاصِفُوْنَ وَلَا تُغَيِّرُهُ

نہیں پا سکتے اور نہ بیان کرنے والے اسکی حمد وثنا بیان کر سکتے ہیں اور نہ زمانے کے

الْحَوَادِثُ وَلَا يَخْشَى الدَّوَائِرَ يَعْلَمُ مَثَاقِيْلَ الْجِبَالِ

حوادث اسمیں کوئی اثر پیدا کر سکتے ہیں اور نہ وہ گردشِ زمانہ سے ڈرتی ہے۔ پہاڑوں کے

وَمَكَائِيْلَ الْبِحَارِ وَعَدَدَ قَطْرِ الْاَمْطَارِ وَعَدَدَ

وزن، دریاؤں کے پیمانے، بارشوں کے قطرے اور

وَرَقِ الْاَشْجَارِ وَعَدَدَ مَا اَظْلَمَ عَلَيْهِ اللَّيْلُ وَ

درختوں کے پتے سب اسکے علم میں ہیں جو ان سب چیزوں کو جانتی ہے جس پر رات کی

اَشْرَقَ عَلَيْهِ النَّهَارُ وَلَا تُوَارِيْ مِنْهُ سَمَاءٌ سَمَاءً

تاریکی چھاتی ہے اور دن روشنی ڈالتا ہے جس سے آسمان دوسرے آسمان کو چھپا نہیں سکتا

Marfat.com

وَلَآ اَرْضٌ اَرْضًا وَّلَا بَحْرٌ مَّا فِیْ قَعْرِہٖ وَلَا جَبَلٌ

اور نہ زمین دوسری زمین کو اور نہ سمندر اس چیز کو چھپا سکتے ہیں جو ان کی تہ میں ہے اور نہ پہاڑ

مَّا فِیْ وَعْرِہٖ اِجْعَلْ خَیْرَ عُمْرِیْ اٰخِرَہٗ وَ خَیْرَ

جو ان کے پتھریلے جگر میں ہے میری عمر کا بہترین حصہ آخر عمر میں اور میرے سب سے اچھے

عَمَلِیْ خَوَاتِمَہٗ وَخَیْرَ اَیَّامِیْ یَوْمَ اَلْقَاکَ فِیْہِ یَا وَلِیَّ

عمل خاتمے کے وقت مقدر فرمائے اور میرے دنوں میں سب سے بھلا دن وہ بنا دے

الْاِسْلَامِ وَاَھْلِہٖ ثَبِّتْنِیْ بِہٖ حَتّٰٓی اَلْقَاکَ

جسمیں تجھ سے ملوں یعنی قیامت، اے اسلام اور اہلِ اسلام کے مالک مجھ اسلام پر قائم رکھنا یہانتک کہ میں تجھ سے ملوں

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْاَلُکَ غِنَایَ وَغِنَا مَوْلَایَ

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں اپنا غنا اور اپنے متعلقین کا غنا

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاَدْخِلْنِی الْجَنَّۃَ

اے اللہ مجھے بخشدے اور مجھ پر رحم فرما اور مجھے جنت میں داخل فرما دے

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ صَبُوْرًا وَّاجْعَلْنِیْ شَکُوْرًا وَّاجْعَلْنِیْ

اے اللہ مجھے اعلیٰ درجہ کا صبر کرنیوالا اور نہایت شکر گذار بندہ بنادے اور مجھے اپنی نظروں میں

فِیْ عَیْنِیْ صَغِیْرًا وَّفِیْٓ اَعْیُنِ النَّاسِ کَبِیْرًا

چھوٹا اور دوسروں کی نظروں میں بڑا بنا دے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْاَلُکَ عِلْمًا نَّافِعًا وَّعَمَلًا مُّتَقَبَّلًا

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں وہ علم جو فائدہ دے اور ایسا عمل جو مقبول ہو

وَّرِزْقًا حَلَالًا طَیِّبًا

اور وہ رزق جو حلال اور ستھرا ہو

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْتَغْفِرُکَ لِذَنْبِیْ وَاَسْتَھْدِیْکَ لِمَرَاشِدِ

اے اللہ میں تجھ سے اپنے گناہوں کی بخشش کا طالب ہوں اور اپنے معاملہ میں کامیابی کی

Marfat.com

اَمْرِیْ وَاَسْتَجِیْرُكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْكَ

ما ہوں کی ہدایت مانگتا ہوں اور اپنے نفس کے شر سے تیری پناہ ڈھونڈھتا ہوں اور تیرے

فَتُبْ عَلَیَّ اِنَّكَ اَنْتَ رَبِّیْ

سامنے توبہ کرتا ہوں تو میری توبہ قبول فرمالے کیونکہ یقیناً تو ہی میرا پروردگار ہے

اَللّٰھُمَّ فَاجْعَلْ رَغْبَتِیْ اِلَیْكَ وَاجْعَلْ غِنَایَ فِیْ

اے اللہ تو میرے دل کی رغبت اپنی ذات پاک کی طرف کردے اور مجھے قلبی غنا بخشدے

صَدْرِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِیْمَا رَزَقْتَنِیْ وَتَقَبَّلْ مِنِّیْ اِنَّكَ

اور جو رزق تو نے میرے لئے مقدر فرمادیا ہے اسمیں برکت عطا فرمادے اور مجھ ناچیز کا عمل قبول

اَنْتَ رَبِّیْ یَا مَنْ اَظْھَرَ الْجَمِیْلَ وَسَتَرَ عَلَیَّ الْقَبِیْحَ

فرمالے کیونکہ تو ہی میرا پروردگار ہے۔ اے وہ ذات جس نے خوبیاں سب پر ظاہر کردیں اور میری برائیاں

یَا مَنْ لَّا یُؤَاخِذُ بِالْجَرِیْرَةِ وَلَا یَھْتِكُ السِّتْرَ یَا

چھپالیں۔ اے وہ ذات جو ہر جرم پر گرفت نہیں کرتی اور پردہ دری نہیں فرماتی، اے بڑے معاف

عَظِیْمَ الْعَفْوِ یَا حَسَنَ التَّجَاوُزِ یَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَةِ

کرنیوالے، اے سب سے بہتر اور درگذر کرنیوالے، اے بڑی مغفرت فرمانے والے

یَا بَاسِطَ الْیَدَیْنِ بِالرَّحْمَةِ یَا صَاحِبَ كُلِّ نَجْوٰی

اے رحمت کرنے کے لئے دونوں ہاتھوں کو پھیلانیوالے، اے سرگوشی کے جاننے والے

یَا مُنْتَھٰی كُلِّ شَكْوٰی یَا كَرِیْمَ الصَّفْحِ یَا عَظِیْمَ الْمَنِّ

اے ہر شکایت کیلئے آخری بارگاہ، اے بڑے درگذر فرمادینے والے، اے بڑے احسان فرمانے

یَا مُبْدِئَ النِّعَمِ قَبْلَ اسْتِحْقَاقِھَا یَا رَبَّنَا وَیَا سَیِّدَنَا

والے، اے نعمتوں کے استحقاق کے بغیر اپنی طرف سے نعمت فرمانے والے، اے ہمارے پروردگار

وَیَا مَوْلٰنَا وَیَا غَایَةَ رَغْبَتِنَا اَسْاَلُكَ یَا اَللّٰہُ اَنْ

اے ہمارے سردار، اے ہمارے مالک اور اے ہماری خواہش کا آخری مقصود اور اے میرے

Marfat.com

لَا تَشْوِیْ خَلْقِیْ بِالنَّارِ

خدایں تجھ سے بس یہ مانگتا ہوں کہ میرے جسم کو آگ میں نہ جلانا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ وَ رَحْمَتِكَ فَاِنَّهٗ

اے اللہ میں تجھ سے تیری رحمت اور تیرے فضل کا طالب ہوں کیونکہ اسکا مالک

لَا یَمْلِكُھَا اِلَّا اَنْتَ اَللّٰھُمَّ اَحْسَنْتَ خَلْقِیْ فَاَحْسِنْ

سوائے تیرے کوئی نہیں اے اللہ تونے میری صورت اچھی بنائی تو میرے

خُلُقِیْ رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاھْدِنِی السَّبِیْلَ الْاَقْوَمَ

اخلاق بھی اچھے بنادے، اے اللہ بخشدے اور رحم فرمادے اور سب سے صحیح راستہ نصیب فرما

اَللّٰھُمَّ رَبَّ النَّبِیِّ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

اے اللہ محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے رب میرے

اِغْفِرْ لِیْ ذَنْبِیْ وَاَذْھِبْ عَنِّیْ غَیْظَ قَلْبِیْ وَاَجِرْنِیْ

گناہ بخشدے اور میرے دل سے غصہ کی عادت نکالدے اور جب تک مجھے

مِنْ مُّضِلَّاتِ الْفِتَنِ مَا اَحْیَیْتَنَا

زندہ رکھ گمراہ کرنے والے فتنوں سے اپنی پناہ میں رکھ

اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ طَیِّبًا وَّاسْتَعْمِلْنِیْ طَیِّبًا

اے اللہ مجھے رزق حلال دے اور مجھے اچھے عمل میں لگائے رکھ

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ مِنْ فُجَاءَةِ الْخَیْرِ وَاَعُوْذُبِكَ

اے اللہ میں تجھ سے کسی سبب کے بغیر بھلائی کا طالب ہوں اور ناگہانی شر سے

مِنْ فُجَاءَةِ الشَّرِّ

تیری پناہ لیتا ہوں

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ وَاِلَیْكَ

اے اللہ تیرا نام سلام ہے اور سلامتی تیری ہی جانب سے آتی ہے اور

Marfat.com

يَعُوْدُ السَّلَامُ اَسْاَلُكَ يَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ
تیری ہی طرف لوٹتی ہے میں تجھ سے مانگتا ہوں اے بزرگی اور بخشش والے

اَنْ تَسْتَجِيْبَ لَنَا دَعْوَتَنَا وَاَنْ تُعْطِيَنَا رَغْبَتَنَا وَاَنْ
یہ بات کہ تو ہماری دعا قبول فرمالے اور ہماری آرزوئیں تو ہی پوری فرمادے اور

تُغْنِيَنَا عَمَّنْ اَغْنَيْتَهٗ عَنَّا مِنْ خَلْقِكَ رَبِّ قِنِيْ
اپنی مخلوق میں سے جس کو ہمارا محتاج نہیں کیا ہمکو بھی اس سے بے نیاز فرمادے اے

عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ
رب جس دن تو اپنے بندوں کو قبروں سے اٹھائیگا اُسدن مجھے اپنے عذاب سے بچالینا

اَللّٰهُمَّ خِرْلِيْ وَاخْتَرْلِيْ وَفِي الصَّحِيْحِ كَانَ اَكْثَرُ
اے اللہ تو ہی میرے لئے پسند فرما اور تو ہی جو بہتر ہو مجھے چھانٹ کر دیدے اور صحیح حدیث

دُعَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
میں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اکثر دُعا یہ ہوتی تھی

اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ
اے ہمارے پروردگار ہمکو دنیا میں بھی نیکی دے اور آخرت میں بھی بھلائی

حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○ بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى
عطا فرما اور دوزخ کے عذاب سے ہم کو بچالے میری جان پر اللہ تعالیٰ کے نام پاک

نَفْسِيْ وَمَالِيْ وَدِيْنِيْ
کی برکت نازل ہو اور میرے مال پر بھی اور میرے دین پر بھی برکت نازل ہو

اَللّٰهُمَّ اَرْضِنِيْ بِقَضَائِكَ وَبَارِكْ لِيْ فِيْمَا قُدِّرَ لِيْ
اے اللہ اپنی قضا پر مجھکو راضی کردے اور جو میرے لئے مقدر ہو چکا ہے اسی میں مجھے برکت عطا فرما تاکہ

حَتّٰى لَآ اُحِبَّ تَعْجِيْلَ مَآ اَخَّرْتَ وَلَا تَاْخِيْرَ مَا عَجَّلْتَ
جو چیز تو نے مؤخر فرمادی ہے اسکی جلدی نہ کروں اور جسکو تو نے فی الحال مقدر کردیا ہے اسکی تاخیر کی تمنا نہ کروں

Marfat.com

اَللّٰهُمَّ لَا عَيْشَ اِلَّا عَيْشُ الْاٰخِرَةِ

اے اللہ بس عیش تو آخرت کا عیش ہے

اَللّٰهُمَّ اَحْيِنِيْ مِسْكِيْنًا وَّاَمِتْنِيْ مِسْكِيْنًا وَّاحْشُرْنِيْ

اے اللہ مجھے جیتا رکھ تو مسکین خاکسار جیتا رکھ اور اُٹھا تو خاکسار اُٹھا اور جب میرا حشر ہو تو

فِيْ زُمْرَةِ الْمَسَاكِيْنِ

خاکساروں کی جماعت میں ہو

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ الَّذِيْنَ اِذَا اَحْسَنُوا اسْتَبْشَرُوْا

اے اللہ مجھے ان بندوں میں سے بنالے جو نیکی کریں تو خوش ہوں

وَاِذَا اَسَاءُوا اسْتَغْفَرُوْا

اور جب بُرا کام کریں تو مغفرت مانگیں

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِكَ تَهْدِيْ

اے اللہ میں تجھ سے تیری خاص رحمت مانگتا ہوں کہ جس سے تو میرے دل کو ہدایت نصیب

بِهَا قَلْبِيْ وَتَجْمَعُ بِهَا اَمْرِيْ وَتَلُمُّ بِهَا شَعَثِيْ وَ

فرما دے اور میرے کام کو جمع کردے اور میری پریشان حالی کو دُور فرما دے اور میرا

تُصْلِحُ بِهَا دِيْنِيْ وَتَقْضِيْ بِهَا دَيْنِيْ وَتَحْفَظُ بِهَا غَائِبِيْ

دین سنوار دے اور میرا قرض ادا فرما دے اور جسکی وجہ سے تو میری غیر حاضری کے حالات

وَتَرْفَعُ بِهَا شَاهِدِيْ وَتُبَيِّضُ بِهَا وَجْهِيْ وَتُزَكِّيْ

کی نگہبانی فرمائے اور میری موجودگی کے حالات بلند کردے اور میرے چہرے کو نورانی کردے اور

بِهَا عَمَلِيْ وَتُلْهِمُنِيْ بِهَا رُشْدِيْ وَتَرُدُّ بِهَا اُلْفَتِيْ

میرے عمل کو (شرک وریا سے) پاک کردے اور میری مقدر کی ہدایت میرے دل میں ڈال دے

وَتَعْصِمُنِيْ بِهَا مِنْ كُلِّ سُوْءٍ

اور میری اُلفت پھیر دے اور مجھ کو ہر بُرائی سے بچالے

Marfat.com

اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِیْ اِیْمَانًا لَّا یَرْتَدُّ وَیَقِیْنًا لَیْسَ
اے اللہ مجھے وہ ایمان نصیب فرما جو زائل نہ ہو سکے اور ایسا یقین دے جس کے

بَعْدَهٗ كُفْرٌ وَّرَحْمَةً اَنَالُ بِهَا شَرَفَ كَرَامَتِكَ
بعد کفر نہ ہو اور وہ رحمت عطا فرما جسکے سبب میں دنیا و آخرت میں تیری عطا کردہ

فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ
بزرگی کا شرف حاصل کروں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْاَلُكَ الْفَوْزَ فِی الْقَضَآءِ وَنُزُلَ الشُّهَدَآءِ
اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں تیرے حکم میں مراد پانا اور شہیدوں کی مہمانی

وَعَیْشَ السُّعَدَآءِ وَمُرَافَقَةَ الْاَنْبِیَآءِ وَالنَّصْرَ عَلَی
اور خوش نصیبوں کی زندگانی اور پیغمبروں کا ساتھ اور دشمنوں پر فتحمندی

الْاَعْدَآءِ اِنَّكَ سَمِیْعُ الدُّعَآءِ
بیشک تو دعاؤں کا بڑا سننے والا ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اُنْزِلُ بِكَ حَاجَتِیْ وَاِنْ قَصُرَ رَاْیِیْ
اے اللہ میں اپنی حاجت تیرے سامنے پیش کرتا ہوں اگرچہ میری عقل کوتاہ ہے اور

وَضَعُفَ عَمَلِیْ افْتَقَرْتُ اِلٰی رَحْمَتِكَ فَاَسْاَلُكَ
میرے عمل کمزور ہیں میں تیری رحمت کا محتاج ہوں پس

یَا قَاضِیَ الْاُمُوْرِ وَیَا شَافِیَ الصُّدُوْرِ كَمَا تُجِیْرُ بَیْنَ
اے مرادوں کے پورا کرنیوالے اور دلوں کے شفا دینے والے میں تجھ سے مانگتا ہوں

الْبُحُوْرِ اَنْ تُجِیْرَنِیْ مِنْ عَذَابِ السَّعِیْرِ وَمِنْ
کہ جس طرح تونے فاصلہ کر رکھا ہے سمندروں میں ایسا ہی فاصلہ پر رکھ مجھ کو دوزخ کی

دَعْوَةِ الثُّبُوْرِ وَمِنْ فِتْنَةِ الْقُبُوْرِ
آگ سے اور اس بات سے کہ دوزخ کی تکلیف سے واویلا کروں اور مجھکو پناہ دے قبر کی آزمائش سے

Marfat.com

اَللّٰهُمَّ مَا قَصُرَ عَنْهُ رَأْيِيْ وَضَعُفَ عَنْهُ عَمَلِيْ وَلَمْ تَبْلُغْهُ

اے اللہ جس بھلائی تک میری عقل کی رسائی نہ ہوسکی ہو اور میرا عمل اس سے کوتاہ نہ ہو اور میرا اسکا سوال

مُنْيَتِيْ وَمَسْأَلَتِيْ مِنْ خَيْرٍ وَّعَدْتَّهٗ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ

اور آرزو نہ کرسکا ہوں اور تونے اپنی مخلوق میں کسی بندہ سے اسکا وعدہ فرمایا ہو یا کوئی ایسی بھلائی ہو

اَوْ خَيْرٍ اَنْتَ مُعْطِيْهِ اَحَدًا مِّنْ عِبَادِكَ فَاِنِّيْ اَرْغَبُ

کہ اس کو تو اپنے بندوں میں کسی کو دینے والا ہو تو میں بھی تجھ سے اس بھلائی کا خواہشمند

اِلَيْكَ فِيْهِ وَاَسْأَلُكَ بِرَحْمَتِكَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ

ہوں اور اس کو تجھ سے مانگتا ہوں تیری رحمت کے وسیلے سے اے تمام جہانوں کے پالنے والے

اَللّٰهُمَّ ذَا الْحَبْلِ الشَّدِيْدِ وَالْاَمْرِ الرَّشِيْدِ اَسْأَلُكَ

اے اللہ مضبوط عہد والے اور نیک کاموں کے مالک میں تجھ سے

الْاَمْنَ يَوْمَ الْوَعِيْدِ وَالْجَنَّةَ يَوْمَ الْخُلُوْدِ مَعَ الْمُقَرَّبِيْنَ

امن کا طالب ہوں عذاب کے دن اور جنت کا جس میں ہمیشہ ہمیشہ رہنا ہے ان لوگوں کے ہمراہ

الشُّهُوْدِ الرُّكَّعِ السُّجُوْدِ الْمُوْفِيْنَ بِالْعُهُوْدِ اِنَّكَ

جو تیرے مقرب اور حضوری والے بندے ہیں رکوع اور سجدہ میں پڑے رہنے والے ہیں اور عہدوں

رَحِيْمٌ وَّدُوْدٌ اِنَّكَ تَفْعَلُ مَا تُرِيْدُ

کو پورا کرنیوالے ہیں بیشک تو بڑا مہربان اور بہت محبت فرمانے والا ہے اور بیشک تو کرتا ہی جو چاہے

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا هَادِيْنَ مُهْتَدِيْنَ غَيْرَ ضَآلِّيْنَ وَلَا

اے اللہ تو ہم کو بنالے دوسروں کو ہدایت کرنیوالا اور خود ہدایت یافتہ نہ ایسا کہ خود بھی گمراہ ہوں

مُضِلِّيْنَ سِلْمًا لِّاَوْلِيَآئِكَ وَحَرْبًا لِّاَعْدَآئِكَ

اور دوسروں کو بھی گمراہ کرنیوالے ہوں تیرے دوستوں کیلئے صلح کل اور تیرے دشمنوں کیلئے مجسم

نُحِبُّ بِحُبِّكَ مَنْ اَحَبَّكَ وَنُعَادِيْ بِعَدَاوَتِكَ مَنْ

جنگ، جو تجھ سے محبت رکھے اس سے تیری محبت کی خاطر محبت رکھیں اور جو تیری مخلوق

Marfat.com

خَالَفَكَ مِنْ خَلْقِكَ

میں تیرا مخالف ہوں اسکے دشمن بن جاہیں تیری دشمنی کیوجہ سے

اَللّٰهُمَّ هٰذَا الدُّعَاءُ وَعَلَيْكَ الْإِجَابَةُ وَهٰذَا الْجُهْدُ

اے اللہ یہ دعا کرنا ہمارا کام ہے اور قبول فرمانیکا تیرا وعدہ ہے یہ ہماری کوشش ہے

وَعَلَيْكَ التُّكْلَانُ

اور بھروسہ تیری ذات پر ہے

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ لِّيْ نُوْرًا فِيْ قَلْبِيْ وَنُوْرًا فِيْ قَبْرِيْ وَ

اے اللہ میرے دل میں نور ڈالدے اور میری قبر میں نور اور

نُوْرًا مِّنْ بَيْنِ يَدَيَّ وَنُوْرًا مِّنْ خَلْفِيْ وَنُوْرًا عَنْ

میرے سامنے نور میرے پیچھے نور میرے دائیں

يَمِيْنِيْ وَنُوْرًا عَنْ شِمَالِيْ وَنُوْرًا مِّنْ فَوْقِيْ وَنُوْرًا

نور میرے بائیں نور میرے اوپر نور

مِّنْ تَحْتِيْ وَنُوْرًا فِيْ سَمْعِيْ وَنُوْرًا فِيْ بَصَرِيْ وَنُوْرًا

اور میرے نیچے نور کردے اور میری سماعت میں نور اور میری آنکھوں میں نور، اور

فِيْ شَعْرِيْ وَنُوْرًا فِيْ بَشَرِيْ وَنُوْرًا فِيْ لَحْمِيْ وَنُوْرًا فِيْ

میرے روئیں روئیں میں نور میرے پوست میں نور میرے گوشت میں نور میرے خون

دَمِيْ وَنُوْرًا فِيْ مُخِّيْ وَنُوْرًا فِيْ عِظَامِيْ اَللّٰهُمَّ اَعْظِمْ لِيْ نُوْرًا

میں نور میرے دماغ میں نور میری ہڈی ہڈی میں نور کردے، اے اللہ میرے نور کو اور بڑا کردے

وَّاَعْطِنِيْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ لِّيْ نُوْرًا وَّزِدْنِيْ نُوْرًا وَّ

مجھ کو نور عطا فرما، میرے لئے نور مقدر فرما اور میرے لئے اور بڑھادے نور اور

زِدْنِيْ نُوْرًا وَّزِدْنِيْ نُوْرًا سُبْحَانَ الَّذِيْ تَعَطَّفَ

بڑھادے نور اور بڑھادے نور پاک ہے وہ ذات عزت جسکی چادر ہے

Marfat.com

بِالْعِزِّ وَقَالَ بِهٖ سُبْحَانَ الَّذِیْ لَبِسَ الْمَجْدَ وَ

اور عزت اسکا فرمان ہے اور بزرگی جس کا لباس ہے اور بزرگی جس کی

تَكَرَّمَ بِهٖ سُبْحَانَ الَّذِیْ لَا يَنْبَغِی التَّسْبِيْحُ اِلَّا لَهٗ

بخشش ہے پاک ہے وہ ذات کہ ہر عیب سے پاکی صرف اسی کے شایانِ شان ہے

سُبْحَانَ مَنْ اَحْصٰی كُلَّ شَیْءٍ بِعِلْمِهٖ سُبْحَانَ ذِی

پاک ہے وہ ذات جس کے علم میں ہر چیز ہے پاک ہے وہ ذات جو بڑے فضل

الْفَضْلِ وَالطَّوْلِ سُبْحَانَ ذِی الْمَنِّ وَالنِّعَمِ سُبْحَانَ

بخشش والی ہے پاک ہے وہ ذات جو بڑے احسان اور انعامات کی مالک ہو پاک ہے وہ

ذِی الْمَجْدِ وَالْكَرَمِ سُبْحَانَ ذِی الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

ذات جو بڑے شرف و کرم والی ہے اور پاک ہے وہ ذات جو بڑے جلال و اکرام کی مالک ہے

اَللّٰهُمَّ لَا تَكِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَةَ عَيْنٍ وَّلَا تَنْزِعْ

اے اللہ تو مجھے پلک جھپکنے بھر بھی میرے نفس کے حوالہ نہ کرنا اور جو عمدہ بات تو نے

مِنِّیْ صَالِحَ مَا اَعْطَيْتَنِیْ

مجھ کو عطا فرمادی ہے اس کو مجھ سے نہ چھینا

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ لَسْتَ بِاِلٰهٍ اِسْتَحْدَثْنَاهُ وَلَا بِرَبٍّ يَّبِيْدُ

اے اللہ تو وہ خدا نہیں ہے جس کو ہم نے خود تراش لیا ہو اور نہ وہ رب ہے جسکا ذکر

ذِكْرُهٗ ابْتَدَعْنَاهُ وَلَا عَلَيْكَ شُرَكَاءُ يَقْضُوْنَ مَعَكَ

ناپایئدار ہو اور ہم نے اسکو ایجاد کیا ہو اور نہ تیرے کوئی شریک کار ہیں جو تیرے ساتھ

وَلَا كَانَ لَنَا قَبْلَكَ مِنْ اِلٰهٍ نَلْجَاُ اِلَيْهِ وَنَذَرُكَ

فیصلے کرتے ہوں اور نہ تجھ سے پہلے ہمارا کوئی معبود تھا جس کی ہم پناہ لیتے ہوں اور تجھ کو

وَلَا اَعَانَكَ عَلٰی خَلْقِنَا اَحَدٌ فَنُشْرِكَهٗ فِيْكَ تَبَارَكْتَ

چھوڑ دیتے ہوں اور نہ ہمارے پیدا کرنے میں کسی اور نے تیری مدد کی ہے تاکہ ہم اسکو تیرا شریک

Marfat.com

وَتَعَالَيْتَ فَنَسْأَلُكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اغْفِرْلِيْ

کریں تو بڑی برکت والا ہے بہت بلند و برتر ہے تو ہم تجھ سے ہی مانگتے ہیں معبود کوئی نہیں سوا تیرے اسلئے

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ تَسْمَعُ كَلَامِيْ وَتَرٰى مَكَانِيْ وَتَعْلَمُ سِرِّيْ

اے اللہ تو میری بات سُن رہا ہے اور میری جگہ دیکھ رہا ہے اور میرے پوشیدہ

وَعَلَانِيَتِيْ لَا يَخْفٰى عَلَيْكَ شَيْءٌ مِّنْ اَمْرِيْ وَاَنَا الْبَائِسُ

اور ظاہر کو جانتا ہے میری کوئی بات تجھ سے چھپی نہیں اور میں سختی میں مبتلا

الْفَقِيْرُ الْمُسْتَغِيْثُ الْمُسْتَجِيْرُ الْوَجِلُ الْمُشْفِقُ الْمُقِرُّ

ہوں محتاج ہوں فریاد اور پناہ کا طلبگار ہوں ڈر رہا ہوں، لرز رہا ہوں، اپنے گناہوں

الْمُعْتَرِفُ بِذَنْبِيْ اَسْاَلُكَ مَسْاَلَةَ الْمِسْكِيْنِ وَ

کا پورا پورا اقرار کرتا ہوں تجھ سے مانگتا ہوں میں مسکین کی طرح اور تیرے

اَبْتَهِلُ اِلَيْكَ ابْتِهَالَ الْمُذْنِبِ الذَّلِيْلِ وَاَدْعُوْكَ

سامنے گڑگڑاتا ہوں ایک ذلیل مجرم کی طرح اور تجھ کو پکارتا ہوں

دُعَاءَ الْخَائِفِ الضَّرِيْرِ وَدُعَاءَ مَنْ خَضَعَتْ لَكَ

جیسا کہ ایک مصیبت زدہ ڈرنے والا پکارتا ہے اور اس کی طرح پکارتا ہوں جسکی گردن

رَقَبَتُهٗ وَفَاضَتْ لَكَ عَبْرَتُهٗ وَذَلَّ لَكَ جِسْمُهٗ

تیرے سامنے جھکی ہوئی ہو اور جس کے آنسو جاری ہوں اور جسکا سارا جسم تیرے

وَرَغِمَ لَكَ اَنْفُهٗ

سامنے ذلیل پڑا ہو اور اس کی ناک خاک آلود ہو

اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْنِيْ بِدُعَائِكَ شَقِيًّا وَّكُنْ لِّيْ رَءُوْفًا رَّحِيْمًا

اے اللہ تو مجھ کو اس مانگنے میں محروم نہ فرمانا اور میرے لئے بڑے مہربان اور بڑے رحیم ہو جانا

يَا خَيْرَ الْمَسْئُوْلِيْنَ وَيَا خَيْرَ الْمُعْطِيْنَ

اے ان سب سے بہتر جن سے سوال کیا جاتا ہے اور ان سب سے بڑھ کر جو دینے والے ہیں

Marfat.com

اَللّٰهُمَّ اِلَيْكَ اَشْكُوْا ضُعْفَ قُوَّتِيْ وَقِلَّةَ حِيْلَتِيْ وَهَوَانِيْ
اے اللہ میں اپنی کمزوری کا گلہ اپنی بے تدبیری اور لوگوں کی نظروں میں اپنی ذلت کی

عَلَى النَّاسِ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اِلٰى مَنْ تَكِلُنِيْ اِلٰى
شکایت تیرے ہی سامنے پیش کرتا ہوں، اے سب سے بڑھ کر رحم کرنیوالے تو مجھ کو کس کے حوالہ

عَدُوٍّ يَّتَجَهَّمُنِيْ اَمْ اِلٰى قَرِيْبٍ مَّلَّكْتَهٗ اَمْرِيْ اِنْ لَّمْ
کریگا اس دشمن کے جو مجھ سے بیزار ہوگا یا ایسے دوست کے جسکے ہاتھ میں دیگا میرا فیصلہ اگر تو

تَكُنْ سَاخِطًا عَلَيَّ فَلَا اُبَالِيْ غَيْرَ اَنَّ عَافِيَتَكَ اَوْسَعُ
مجھ سے ناراض نہ ہو تو اسکے بعد مجھ کو کسی بات کی کوئی پرواہ نہیں لیکن پھر بھی تیری جانب سے عافیت میں

لِيْ اَعُوْذُ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ الَّذِيْ اَضَاءَتْ لَهُ
مجھے بہت بڑی گنجائش ہے (بہرحال اسکی ضرورت ہے) میں تیری اس کریم ذات کے نور کے وسیلہ

السَّمٰوٰتُ وَاَشْرَقَتْ لَهُ الظُّلُمٰتُ وَصَلَحَ عَلَيْهِ اَمْرُ
سے تیری پناہ لیتا ہوں جس سے سب آسمان جگمگا رہے ہیں اور سب تاریکیاں روشن ہیں اور

الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اَنْ تُحِلَّ عَلَيَّ غَضَبَكَ وَتُنْزِلَ
جس کیوجہ سے دنیا و آخرت کے کام درست ہیں اس بات سے کہ تو مجھ پر غصہ ہو یا مجھ سے

عَلَيَّ سَخَطَكَ وَلَكَ الْعُتْبٰى حَتّٰى تَرْضٰى وَلَا حَوْلَ وَلَا
خفا ہو اور خفا ہونا تجھ کو زیبا ہے یہانتک کہ تو راضی ہو جائے تیری مدد کے بغیر ہم میں

قُوَّةَ اِلَّا بِكَ
نہ کچھ قوت ہے نہ طاقت

اَللّٰهُمَّ وَاقِيَةً كَوَاقِيَةِ الْوَلِيْدِ
اے اللہ اس طرح حفاظت فرما جیسے بچہ کی حفاظت فرماتا ہے

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ قُلُوْبًا اَوَّاهَةً مُّخْبِتَةً مُّنِيْبَةً فِيْ سَبِيْلِكَ
اے اللہ ہم تجھ سے وہ دل مانگتے ہیں جو خوب آہ و زاری کرنیوالا ہو خوب گڑگڑانے والا ہو تیری م

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْاَلُكَ اِیْمَانًا یُّبَاشِرُ قَلْبِیْ وَیَقِیْنًا

اے اللہ میں تجھ سے وہ ایمان مانگتا ہوں جو میرے دل میں رچ جائے

صَادِقًا حَتّٰٓی اَعْلَمَ اَنَّهٗ لَا یُصِیْبُنِیْٓ اِلَّا مَا كَتَبْتَ

اور وہ سچا یقین کہ میں خوب جان لوں کہ جو بات تونے میری تقدیر میں لکھدی ہے بس وہی مجھکو پیش

لِیْ وَرِضًا مِّنَ الْمَعِیْشَةِ بِمَا قَسَمْتَ لِیْ

آسکتی ہے اور رضامندی مانگتا ہوں اس زندگانی پر جو تونے میرے لئے تقسیم فرمادی ہے

اَللّٰھُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كَالَّذِیْ تَقُوْلُ وَخَیْرًا مِّمَّا نَقُوْلُ

اے اللہ تیری تعریف ایسی جیسی خود تونے فرمائی اور اس سے بہتر جو ہم تیری تعریف کریں

اَللّٰھُمَّ لَكَ صَلَاتِیْ وَنُسُكِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ وَ

اے اللہ میری نماز اور میری عبادت میری زندگی اور میری موت سب

اِلَیْكَ مَاٰبِیْ وَلَكَ رَبِّ تُرَاثِیْ

تیرے لئے ہے اور اے اللہ میرا ٹھکانا تیری ہی ذات ہے اور میری وراثت تیری ہی ملک ہے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَ

اے اللہ میں تیری ہی پناہ لیتا ہوں قبر کے عذاب سے اور

وَسْوَسَةِ الصَّدْرِ وَشَتَاتِ الْاَمْرِ

سینہ کے وسوسوں سے اور اپنے معاملات کی پراگندگی سے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْاَلُكَ مِنْ خَیْرِ مَا تَجِیْٓءُ بِهِ الرِّیَاحُ

اے اللہ میں تجھ سے وہ خیر مانگتا ہوں جو ہوائیں لیکر آتی ہیں

وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا تَجِیْٓءُ بِهِ الرِّیَاحُ

اور تیری پناہ لیتا ہوں برائیوں سے جو ہوائیں لیکر لاتی ہیں

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ اُعْظِمُ شُكْرَكَ وَاُكْثِرُ ذِكْرَكَ وَاَتَّبِعُ

اے اللہ مجھے تو ایسا بندہ بنائے کہ خوب تیرا شکر کیا کروں تیری یاد کیا کروں اور

Marfat.com

نَصِيْحَتَكَ وَاَحْفَظُ وَصِيَّتَكَ

مانوں تیری نصیحت اور یاد رکھوں تیرے حکم کو

اَللّٰهُمَّ اِنَّ قُلُوْبَنَا وَنَوَاصِيْنَا وَجَوَارِحَنَا بِيَدِكَ

اے اللہ ہمارے دل ہماری پیشانیاں اور ہمارے سب اعضا تیرے ہی ہاتھ

لَمْ تُمَلِّكْنَا مِنْهَا شَيْئًا فَاِذَا فَعَلْتَ ذٰلِكَ بِنَا فَكُنْ

میں ہیں ان میں سے کسی کا تو نے ہم کو مالک نہیں بنایا ہے پھر جب تو نے ہمکو ایسا بے بس پیدا فرمایا ہے

اَنْتَ وَلِيَّنَا وَاهْدِنَا اِلٰى سَوَآءِ السَّبِيْلِ

تو اب تو ہی ہمارا کارساز بن جا اور ہمیں سیدھے راستہ کی ہدایت فرما

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ الْاَشْيَاءِ اِلَيَّ وَاجْعَلْ

اے اللہ مجھے اپنی محبت سب سے زیادہ پیاری کر دے اور اپنا

خَشْيَتَكَ اَخْوَفَ الْاَشْيَاءِ عِنْدِيْ وَاقْطَعْ عَنِّيْ

خوف ہر چیز کے خوف سے زیادہ بڑھادے اور اپنی ملاقات کی تڑپ عطا فرما کر

حَاجَاتِ الدُّنْيَا بِالشَّوْقِ اِلٰى لِقَآئِكَ وَاِذَا اَقْرَرْتَ

دنیا کی سب حاجتیں میرے دل سے نکالدے اور جب دُنیا

اَعْيُنَ اَهْلِ الدُّنْيَا مِنْ دُنْيَاهُمْ فَاَقْرِرْ عَيْنِيْ

والوں کو دُنیا دے کر اُن کی آنکھیں ٹھنڈی کرے تو میری آنکھیں اپنی

مِنْ عِبَادَتِكَ

عبادت سے ٹھنڈی کرنا

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ الْاَعْمَيَيْنِ السَّيْلِ

اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں دو اندھوں کے شر سے ایک سیل کا پانی دوسرے

وَالْبَعِيْرِ الصَّؤُوْلِ

حملہ آور اونٹ (دونوں کا رُخ جدھر ہو جائے اندھا دھند ہوتا ہے)

Marfat.com

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ الصِّحَّةَ وَالْعِفَّةَ وَالْاَمَانَةَ

اے اللہ میں تجھ سے تندرستی اور پاکدامنی کا طالب ہوں اور امانتداری

وَحُسْنَ الْخُلُقِ وَالرِّضَآءَ بِالْقَدَرِ

اور اچھے اخلاق کا اور قضاء وقدر پر راضی رہنے کا طلبگار ہوں

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ شُكْرًا وَّلَكَ الْمَنُّ فَضْلًا

اے اللہ تیرے ہی لئے سب تعریفیں ہیں شکر کیساتھ اور تیرے ہی لئے احسان ہے فضل کے ساتھ

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْاَلُكَ التَّوْفِيْقَ لِمَحَابِّكَ مِنَ الْاَعْمَالِ

اے اللہ میں تجھ سے ایسے عملوں کی توفیق چاہتا ہوں جو تیری پسند کے ہوں اور تیری

وَصِدْقَ التَّوَكُّلِ عَلَيْكَ وَحُسْنَ الظَّنِّ بِكَ

ذات پر سچا بھروسہ اور تیری ذات سے نیک گمان رکھنا طلب کرتا ہوں

اَللّٰهُمَّ افْتَحْ مَسَامِعَ قَلْبِیْ لِذِكْرِكَ وَارْزُقْنِیْ طَاعَتَكَ

اے اللہ میرے دل کے کان اپنے ذکر کیلئے کھولدے اور اپنی اور اپنے رسول کی

وَطَاعَةَ رَسُوْلِكَ وَعَمَلًا بِكِتَابِكَ

حکم برداری اور اپنی کتاب قرآن پر عمل کرنا مجھے نصیب فرمادے

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْٓ اَخْشَاكَ كَاَنِّیْٓ اَرَاكَ اَبَدًا حَتّٰی

اے اللہ مجھے ایسا بندہ بنالے کہ تجھ سے اس طرح ڈرا کروں جیسا کہ

اَلْقَاكَ وَاَسْعِدْنِیْ بِتَقْوَاكَ وَلَا تُشْقِنِیْ بِمَعْصِيَتِكَ

تجھ کو اپنی آنکھوں سے دیکھ رہا ہوں اور مجھ کو تقوٰی کی سعادت نصیب فرما اور اپنی

وَخِرْلِیْ فِیْ قَضَآئِكَ وَبَارِكْ لِیْ فِیْ قَدَرِكَ حَتّٰی

نافرمانی کیوجہ سے مجھکو بدبخت نہ بنا اور پسند فرمالے میرے لئے اپنے حکم میں اور مجھے اسمیں برکت

لَآ اُحِبَّ تَعْجِيْلَ مَآ اَخَّرْتَ وَلَا تَاْخِيْرَ مَا عَجَّلْتَ

میں فرما تاکہ جو بات تونے بعد میں کردی ہو اسکی جلدی نہ کروں اور جو بات تونے دیدی ہے اسکے بعد میں ہونیکی تمنا نہ کروں

Marfat.com

وَاجْعَلْ غِنَائِيْ فِيْ نَفْسِيْ

اور میرے جی میں بے نیازی پیدا فرمادے

اَللّٰهُمَّ الْطُفْ بِيْ فِيْ تَيْسِيْرِ كُلِّ عَسِيْرٍ فَاِنَّ

اے اللہ تو مہربانی فرما مجھ پر ہر مشکل کے آسان کرنے میں بیشک

تَيْسِيْرَ كُلِّ عَسِيْرٍ عَلَيْكَ يَسِيْرٌ وَّاَسْأَلُكَ

ہر مشکل کا آسان کرنا تیرے لئے بالکل آسان ہے اور میں تجھ سے

الْيُسْرَ وَالْمُعَافَاةَ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

آسانی اور معافی کا طالب ہوں دُنیا میں بھی اور آخرت میں بھی

اَللّٰهُمَّ اعْفُ عَنِّيْ فَاِنَّكَ

اے اللہ مجھ کو معاف فرمادے کیونکہ تو بڑا درگذر فرمانیوالا

عَفُوٌّ كَرِيْمٌ

اور بخشش کرنے والا ہے

Marfat.com

# اَلْمَنْزِلُ الْخَامِسُ فِيْ يَوْمِ الْاَرْبِعَاءِ

پانچویں منزل چہارشنبہ کی (یعنی بدھ کی)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ طَهِّرْ قَلْبِيْ مِنَ النِّفَاقِ وَعَمَلِيْ مِنَ الرِّيَاءِ وَ

اے اللہ میرا دل پاک کردے نفاق سے اور میرا عمل ریا سے اور

لِسَانِيْ مِنَ الْكَذِبِ وَعَيْنِيْ مِنَ الْخِيَانَةِ فَاِنَّكَ تَعْلَمُ

میری زبان جھوٹ سے اور میری آنکھ خیانت سے کیونکہ تو خوب جانتا ہے

خَائِنَةَ الْاَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ

آنکھوں کی چوری اور جو سینوں میں چھپا ہوا ہے

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ عَيْنَيْنِ هَطَّالَتَيْنِ تَسْقِيَانِ الْقَلْبَ

اے اللہ مجھ کو ایسی دو آنکھیں دیدے جو آنسو برسانے والی ہوں اور سیراب کریں

بِذُرُوْفِ الدَّمْعِ مِنْ خَشْيَتِكَ قَبْلَ اَنْ تَكُوْنَ

دل کو آنسو بہا بہا کر مارے تیرے خوف کے اس دن سے پہلے کہ آنسو بہتے بہتے خون بنجائیں

الدُّمُوْعُ دَمًا وَّالْاَضْرَاسُ جَمْرًا

اور ڈاڑھیں ٹھیکروں کی طرح (خشک) ہوجائیں

اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ قُدْرَتِكَ وَاَدْخِلْنِيْ فِيْ رَحْمَتِكَ

اے اللہ عافیت بخش اپنی قدرت سے اور مجھ کو داخل فرمالے اپنی رحمت میں

وَاقْضِ اَجَلِيْ فِيْ طَاعَتِكَ وَاخْتِمْ لِيْ بِخَيْرِ عَمَلِيْ

اور میری عمر کاٹ دے اپنی بندگی میں اور میرا خاتمہ فرمادے اچھے عمل پر

وَاجْعَلْ ثَوَابَهُ الْجَنَّةَ

اور اس کا ثواب جنت بنادے

Marfat.com

اَللّٰهُمَّ اَغْنِنِیْ بِالْعِلْمِ وَ زَیِّنِّیْ بِالْحِلْمِ وَاَکْرِمْنِیْ بِالتَّقْوٰی

اے اللہ مجھے علم دیکر بے نیاز کر دے اور بُردباری سے سرفراز فرما کر زینت بخش اور تقوے

وَجَمِّلْنِیْ بِالْعَافِیَةِ

نصیب فرما کر بزرگی عطا کر اور عافیت بخش کر مزین فرما

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ خَلِیْلٍ مَّاكِرٍ عَیْنَاهُ

اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں ایسے مکار دوست سے جس کی آنکھیں

تَرَیَانِیْ وَقَلْبُهٗ یَرْعَانِیْٓ اِنْ رَّاٰی حَسَنَةً دَفَنَهَا

مجھ کو دیکھیں اور اسکا دل میرے موہ میں لگا ہے اگر کوئی نیکی دیکھے تو اسکو چھپائے

وَاِنْ رَّاٰی سَیِّئَةً اَذَاعَهَا

اور بُرائی دیکھ پائے تو اسکو پھیلاتا پھرے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْبُؤْسِ وَالتَّبَاؤُسِ

اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں تنگدستی کی مصیبت سے اور حد سے گذری ہوئی تنگدستی سے

اَللّٰهُمَّ لَا یُدْرِکُنِیْ زَمَانٌ وَّلَا یُدْرِکُوْا زَمَانًا لَّا یُتَّبَعُ

اے اللہ ایسا زمانہ نہ مجھ کو ملے اور نہ دوسروں کو جس میں عالم

فِیْهِ الْعَلِیْمُ وَلَا یُسْتَحْیٰ فِیْهِ مِنَ الْحَلِیْمِ قُلُوْبُهُمْ قُلُوْبُ

کی پیروی نہ کی جائے اور بُردبار آدمی سے شرم نہ رہے اُن کے دل

الْاَعَاجِمِ وَاَلْسِنَتُهُمْ اَلْسِنَةُ الْعَرَبِ

عجمیوں کے سے ہوں اور زبانیں عرب کی سی

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّیْنِ وَ

اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں قرض کی زیادتی اور

غَلَبَةِ الْعَدُوِّ وَمِنْ بَوَارِ الْاَیِّمِ وَمِنْ فِتْنَةِ

دشمن کے غلبہ سے اور رانڈ بی بی کی بربادی سے اور

Marfat.com

الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ

مسیح دجال کے فتنہ سے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ النِّسَآءِ وَاَعُوْذُبِكَ

اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں عورتوں کے فتنہ سے اور تیری پناہ لیتا ہوں

مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ

قبر کے فتنہ سے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَتَّخِذُ عِنْدَكَ عَهْدًا لَّنْ تُخْلِفَنِيْهِ فَاِنَّمَا

اے اللہ میں تجھ سے عہد لیتا ہوں تو مجھ سے ہرگز اسکا خلاف نہ کریگا اسمیں تو شبہ ہی

اَنَا بَشَرٌ فَاَيُّمَا مُؤْمِنٍ اٰذَيْتُهٗ اَوْشَتَمْتُهٗ اَوْجَلَدْتُّهٗ

نہیں کہ میں ایک بشر ہی ہوں تو جس کسی مومن کو میں نے تکلیف دی ہو یا اس کو برا

اَوْلَعَنْتُهٗ فَاجْعَلْهَا لَهٗ صَلٰوةً وَّزَكٰوةً وَّقُرْبَةً

بھلا کہدیا ہو یا اسکو کوڑے لگانیکا حکم دیدیا ہو یا بشریت کی بنا پر اس پر لعنت کی ہو تو

تُقَرِّبُهٗ بِهَا اِلَيْكَ

اس کے حق میں تو اسکو رحمت پاکی اور ایسی قربت کا ذریعہ بنادے کہ اسکی وجہ سے تو اسکو اپنا مقرب بنالے

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ خَلَقْتَ نَفْسِيْ وَاَنْتَ تَوَفَّاهَا لَكَ مَمَاتُهَا

اے اللہ تو نے ہی میری جان کو پیدا فرمایا ہے اور تو ہی اسکو اٹھائیگا اسکا مرنا بھی تیرے

وَمَحْيَاهَا اِنْ اَحْيَيْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا تَحْفَظُ بِهٖ عِبَادَكَ

لئے ہے اور جینا بھی تیرے لئے اگر اسکو زندہ رکھنا ہو تو اسکو بچائے رکھنا ان باتوں سے

الصّٰلِحِيْنَ وَاِنْ اَمَتَّهَا فَاغْفِرْ لَهَا وَارْحَمْهَا

جن سے تو اپنے نیک بندوں کو بچاتا ہے اور اگر موت دینا ہو تو اسکو بخشدینا اور اس پر رحم فرمانا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ الْعَافِيَةَ

اے اللہ میں تجھ سے عافیت مانگتا ہوں

Marfat.com

اَللّٰهُمَّ حَصِّنْ فَرْجِيْ وَيَسِّرْ لِيْ أَمْرِيْ

اے اللہ میری شرمگاہ کو محفوظ رکھنا اور میری مشکل آسان فرمانا

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ تَمَامَ الْوُضُوْءِ وَتَمَامَ الصَّلٰوةِ وَ

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں پورا پورا وضو کرنا اور پوری پوری نماز ادا کرنی اور

وَتَمَامَ رِضْوَانِكَ وَتَمَامَ مَغْفِرَتِكَ

پوری پوری تیری رضامندی اور پوری پوری تیری بخشش

اَللّٰهُمَّ أَعْطِنِيْ كِتَابِيْ بِيَمِيْنِيْ

اے اللہ میرا اعمالنامہ میرے دائیں ہاتھ میں دینا

اَللّٰهُمَّ بَيِّضْ وَجْهِيْ يَوْمَ تَبْيَضُّ الْوُجُوْهُ

اے اللہ جس دن نیکوں کے چہرے نورانی ہونگے اُسدن میرا چہرہ بھی نورانی کرنا

اَللّٰهُمَّ غَشِّنِيْ بِرَحْمَتِكَ وَجَنِّبْنِيْ عَذَابَكَ

اے اللہ مجھے ڈھانک لے اپنی رحمت سے اور اپنے عذاب سے بچالے

اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْ قَدَمَيَّ يَوْمَ تَزِلُّ فِيْهِ الْأَقْدَامُ

اے اللہ جس دن قدم ڈگمگائیں گے اس دن تو میرا قدم جمائے رکھنا

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مُفْلِحِيْنَ

اے اللہ ہم کو کامیاب بنادے

اَللّٰهُمَّ افْتَحْ أَقْفَالَ قُلُوْبِنَا بِذِكْرِكَ وَأَتْمِمْ عَلَيْنَا

اے اللہ ہمارے دلوں کے قفل اپنی یاد سے کھولدے اور اپنی نعمت ہم پر پوری

بِنِعْمَتِكَ وَأَسْبِغْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلِكَ وَاجْعَلْنَا مِنْ

فرمادے اور اپنا فضل کامل کردے اور اپنے

عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ

نیک بندوں میں بنالے

Marfat.com

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ اِبْلِيْسَ وَجُنُوْدِهٖ

اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں شیطان سے اور اسکے لشکر سے

اَللّٰهُمَّ اٰتِنِیْ اَفْضَلَ مَا تُؤْتِیْ عِبَادَكَ الصّٰلِحِيْنَ

اے اللہ جو بڑے سے بڑے انعامات تو نے اپنے نیک بندوں پر فرمائے ہیں وہ مجھکو بھی عطا فرما

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ اَنْ تَصُدَّ عَنِّیْ وَجْهَكَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں اس بات سے کہ تو قیامت میں اپنا رُخ مجھ سے پھیرلے

اَللّٰهُمَّ اَحْيِنِیْ مُسْلِمًا وَّاَمِتْنِیْ مُسْلِمًا

اے اللہ مجھکو مسلمان زندہ رکھنا اور مسلمان ہی موت دینا

اَللّٰهُمَّ عَذِّبِ الْكَفَرَةَ وَاَلْقِ فِیْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ وَ

اے اللہ کافروں کو عذاب دے اور ان کے دل میں دہشت ڈالدے اور

خَالِفْ بَيْنَ كَلِمَتِهِمْ وَاَنْزِلْ عَلَيْهِمْ رِجْزَكَ وَعَذَابَكَ

ان کے مشوروں میں پھوٹ ڈالدے اور ان پر اپنا قہر توڑ اور اپنا عذاب نازل فرما

اَللّٰهُمَّ عَذِّبِ الْكَفَرَةَ اَهْلَ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ الَّذِيْنَ

اے اللہ کافروں کو وہ اہلِ کتاب ہوں یا مشرک سب کو عذاب دے جو تیری

يَجْحَدُوْنَ اٰيَاتِكَ وَيُكَذِّبُوْنَ رُسُلَكَ وَيَصُدُّوْنَ

آیتوں کا انکار کرتے ہیں اور تیرے رسولوں کو جھٹلاتے ہیں اور تیری راہ سے دوسروں

عَنْ سَبِيْلِكَ وَيَتَعَدَّوْنَ حُدُوْدَكَ وَيَدْعُوْنَ مَعَكَ

کو روکتے ہیں اور تیری مقرر کردہ حدوں کو توڑتے ہیں اور تیرے ساتھ دوسرے خدا

اِلٰهًا اٰخَرَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ عَمَّا

کو پکارتے ہیں اور خدا کوئی نہیں صرف تو ہے بڑی برکت والا اور بہت دور ان باتوں سے

يَقُوْلُ الظّٰلِمُوْنَ عُلُوًّا كَبِيْرًا

جو ناانصاف لوگ اپنے منہ سے بکتے ہیں

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ

اے اللہ تو ہم کو بخشدے اور سب ایماندار مرد اور سب ایماندار عورتوں اور سب مسلمان مرد

وَالْمُسْلِمَاتِ وَاَصْلِحْهُمْ وَاَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِهِمْ وَاَلِّفْ

اور سب مسلمان عورتوں کو بخشدے اور انکی اصلاح فرمادے اور انکے باہم معاملات کی اصلاح

بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَاجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ وَالْحِكْمَةَ

فرمادے اور انکے دلوں میں اُلفت ڈالدے اور انکے قلوب میں ایمان اور سمجھ کی باتیں بھردے

وَثَبِّتْهُمْ عَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِكَ وَاَوْزِعْهُمْ اَنْ يَّشْكُرُوْا

اور ان کو اپنے رسول کے دین پر جمائے رکھ اور اسکی توفیق عطا فرما کہ جو نعمت تو نے ان

نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ وَاَنْ يُّوْفُوْا بِعَهْدِكَ

پر فرمائی ہے اسکا شکر ادا کریں اور تیرا وہ عہد جو تو نے اُن سے لیا ہے پورا کریں

الَّذِيْ عَاهَدْتَّهُمْ عَلَيْهِ وَانْصُرْهُمْ عَلٰى عَدُوِّكَ وَ

اور فتح دے ان کو ان پر جو تیرے بھی دشمن ہیں اور اُن کے

عَدُوِّهِمْ اِلٰهَ الْحَقِّ سُبْحَانَكَ لَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ اِغْفِرْ لِيْ

بھی اے سچے معبود تیری ذات پاک ہے تیرے سوا معبود کوئی نہیں میرے

ذَنْبِيْ وَاَصْلِحْ لِيْ عَمَلِيْ اِنَّكَ تَغْفِرُ الذُّنُوْبَ لِمَنْ

گناہ بخشدے اور میرے عمل درست فرمادے کیونکہ تو گناہ معاف کردیتا ہے جس کے

تَشَآءُ وَاَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ يَا غَفَّارُ اغْفِرْ لِيْ يَا

چاہے اور تو ہی ہے بڑا معاف کرنیوالا بڑا رحم کرنیوالا، اے وہ جسکا نام غفار ہے میری بھی مغفرت

تَوَّابُ تُبْ عَلَيَّ يَا رَحْمٰنُ ارْحَمْنِيْ يَا عَفُوُّ اعْفُ

فرمادے، اے وہ جسکا نام تواب ہے میری توبہ بھی قبول فرمالے، اے وہ جسکا نام رحمٰن ہے مجھ پر بھی رحم

عَنِّيْ يَا رَءُوْفُ ارْءُفْ بِيْ يَا رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ

فرمادے، اے وہ جسکا نام عفو ہے مجھ سے بھی درگذر فرمالے اے وہ جسکا نام رؤف ہے مجھ پر

Marfat.com

نِعْمَتَكَ الَّتِیْ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَطَوِّقْنِیْ حُسْنَ عِبَادَتِكَ

بھی مہربان ہو جا اے میرے رب مجھے توفیق دے کہ جو نعمت تو نے مجھ پر فرمائی ہے اسکا شکر ادا

یَارَبِّ اَسْاَلُكَ مِنَ الْخَیْرِ كُلِّهٖ یَارَبِّ افْتَحْ لِیْ بِخَیْرٍ

کیا کروں اور قوت عطا فرما اچھے طریق سے اپنی عبادت کرنیکی، اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

وَّاخْتِمْ لِیْ بِخَیْرٍ وَّاٰتِنِیْ تَشَوُّقًا اِلٰی لِقَآئِكَ مِنْ غَیْرِ

ہر بھلائی کا، اے رب میرے لئے بھلائی کا دروازہ کھولدے اور بھلائی پر میرا خاتمہ کر، اور اپنی

ضَرَّآءَ مُضِرَّةٍ وَّلَا فِتْنَةٍ مُّضِلَّةٍ وَقِنِی السَّیِّاٰتِ ط وَ

ملاقات کی تڑپ دے ایسی مصیبت سے بچا کر جو نقصان رساں ہو اور ہر فتنہ سے محفوظ

مَنْ تَقِ السَّیِّاٰتِ یَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ وَذٰلِكَ

رکھکر جو گمراہ کرنیوالا ہو اور سب برائیوں سے مجھ کو بچائے رکھ اور جسکو اس دن تو نے برائیوں

هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ

سے بچا لیا اس پر سب بڑا ہی کرم کیا اور یہی بڑی کامیابی کی بات ہے

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كُلُّهٗ وَلَكَ الشُّكْرُ كُلُّهٗ وَلَكَ

اے اللہ سب تعریفیں تیری ہیں اور سارا شکر بھی تیرے لئے ہے اور سب مُلک

الْمُلْكُ كُلُّهٗ وَلَكَ الْخَلْقُ كُلُّهٗ بِیَدِكَ الْخَیْرُ كُلُّهٗ وَ

تیرا ہے اور تمام مخلوق تیری ہے سب بھلائی تیرے ہی قبضہ میں ہے اور

اِلَیْكَ یَرْجِعُ الْاَمْرُ كُلُّهٗ اَسْاَلُكَ مِنَ الْخَیْرِ كُلِّهٖ وَ

ہر معاملہ آخر کار تیرے ہی سامنے آنا ہے لہٰذا میں ہر بھلائی تجھ سے ہی مانگتا ہوں اور

اَعُوْذُبِكَ مِنَ الشَّرِّ كُلِّهٖ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ غَیْرُهٗ

ہر شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں اس اللہ کے نام کی برکت سے جسکے سوا معبود کوئی نہیں ہے

اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ عَنِّی الْهَمَّ وَالْحُزْنَ

اے اللہ میرے دل سے فکر اور غم سب نکالدے

Marfat.com

اَللّٰهُمَّ بِحَمْدِكَ انْصَرَفْتُ وَبِذَنْبِي اعْتَرَفْتُ اَعُوْذُ بِكَ

اے اللہ میں تیری تعریف کرتا ہوا تیری طرف آتا ہوں اور اپنے گناہوں کا اقرار کرتا ہوں اور

مِنْ شَرِّ مَا اقْتَرَفْتُ وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ جُهْدِ

جو جو کرتوت میرے ہیں ان سب سے تیری پناہ چاہتا ہوں، اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں

الْبَلَاۗءِ وَمِنْ عَذَابِ الْاٰخِرَةِ

آزمائش کی سختی سے اور آخرت کے عذاب سے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ كُلِّ عَمَلٍ يُّخْزِيْنِيْ وَاَعُوْذُ بِكَ

اے اللہ میں تیری پناہ کا طالب ہر ایسے عمل سے جو مجھے رُسوا کر دے اور تیری پناہ لیتا

مِنْ كُلِّ صَاحِبٍ يُّؤْذِيْنِيْ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ كُلِّ اَمَلٍ يُّلْهِيْنِيْ

ہوں ہر ایسے دوست سے جو مجھے تکلیف دے اور تیری پناہ لیتا ہوں ہر ایسی امید سے جو مجھ کو غافل

وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ كُلِّ فَقْرٍ يُّنْسِيْنِيْ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ كُلِّ غِنًى يُّطْغِيْنِيْ

بنادے، اور تیری پناہ لیتا ہوں ہر ایسی احتیاج سے جو مجھے نسیان میں ڈال دے اور تیری پناہ لیتا ہوں ۱

اَللّٰهُمَّ اِلٰهِيْ وَاِلٰهَ اِبْرَاهِيْمَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَ

اے اللہ میرے خدا اور ابراہیم اور اسحٰق اور یعقوب کے خدا

اِلٰهَ جِبْرَئِيْلَ وَمِيْكَائِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ اَسْاَلُكَ اَنْ

اور جبرئیل اور میکائیل اور اسرافیل کے خدا میں تجھ سے مانگتا

تَسْتَجِيْبَ دَعْوَتِيْ فَاِنَّا مُضْطَرٌّ وَّتَعْصِمَنِيْ فِيْ دِيْنِيْ

ہوں یہ بات کہ تو میری دعا قبول ہی فرمالینا کیونکہ مجبور بندہ ہوں اور میرا دین بچالے

فَاِنِّيْ مُبْتَلًى وَّتَنَالَنِيْ بِرَحْمَتِكَ فَاِنِّيْ مُذْنِبٌ وَّ

کیونکہ اب میں پھنس گیا ہوں اور لے لے مجھ کو اپنی رحمت میں کیونکہ میں بڑا گنہگار ہوں

تَنْفِيْ عَنِّي الْفَقْرَ فَاِنِّيْ مُتَمَسْكِنٌ

اور میری حاجت دُور فرمادے کیونکہ میں بہت ذلیل ہوں

۱ ہر ایسے غنا سے جو مجھ کو سرکش بنادے

Marfat.com

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْاَلُكَ بِحَقِّ السَّآئِلِیْنَ عَلَیْكَ فَاِنَّ

اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس حق کے وسیلے سے جو مانگنے والوں کا ہی کیونکہ

لِلسَّآئِلِ عَلَیْكَ حَقًّا اَیُّمَا عَبْدٍ اَوْ اَمَةٍ مِّنْ اَهْلِ

مانگنے والوں کا بھی تیرے اوپر حق ہے کہ جو بندے اور جو لونڈیاں خشکی کے بسنے والے ہوں

الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَقَبَّلْتَ دَعْوَتَهُمْ وَاسْتَجَبْتَ دُعَآءَهُمْ

یا تری کے تونے ان کی دعا قبول فرمائی ہو اور اُن کی پکار سُنی ہو کہ تو ہم کو

اَنْ تُشْرِكَنَا فِیْ صَالِحِ مَا یَدْعُوْنَكَ فِیْهِ وَاَنْ تُشْرِكَهُمْ

بھی ان کی ان اچھی دعاؤں میں شریک فرما دے جو انھوں نے تجھ سے مانگیں اور ان کو

فِیْ صَالِحِ مَا نَدْعُوْكَ (فِیْهِ) وَاَنْ تُعَافِیَنَا وَاِیَّاهُمْ وَ

بھی شریک فرما لے ان اچھی دعاؤں میں جو ہم تجھ سے مانگتے ہیں اور ہمکو بھی عافیت بخش اور

اَنْ تَقَبَّلَ مِنَّا وَمِنْهُمْ وَاَنْ تَجَاوَزَ عَنَّا وَعَنْهُمْ

ان کو بھی اور ان سے قبول فرما اور ہم سے بھی اور در گذر کر ان سے بھی اور ہم سے بھی کیونکہ ہم

فَاِنَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا

اس کتاب پر ایمان لاچکے ہیں جو تونے اُتاری اور تیرے رسول کی پیروی کرتے ہیں تو تُو

مَعَ الشّٰهِدِیْنَ

ہم کو لکھ لے شہادت دینے والوں میں

اَللّٰهُمَّ اَعْطِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِیْلَةَ وَاجْعَلْ فِی الْمُصْطَفَیْنَ

اے اللہ عطا فرمائے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو مقام وسیلہ اور آپکی محبت اپنے چُنے ہوئے لوگوں میں

مَحَبَّتَهٗ وَفِی الْاَعْلَیْنَ دَرَجَتَهٗ وَفِی الْمُقَرَّبِیْنَ ذِكْرَهٗ

پیدا فرما اور آپکا درجہ عالی مرتبہ لوگوں میں اور آپ کا ذکر مقربوں میں کر دے

اَللّٰهُمَّ اهْدِنِیْ مِنْ عِنْدِكَ وَاَفِضْ عَلَیَّ مِنْ فَضْلِكَ

اے اللہ مجھے وہ ہدایت دے جو تیری خاص ہدایت ہو اور میرے اوپر وہ فضل بہا دے جو تیرا خاص

Marfat.com

وَ اَسْبِغْ عَلَيَّ مِنْ رَّحْمَتِكَ وَ اَنْزِلْ عَلَيَّ مِنْ بَرَكَاتِكَ

فضل ہو، اور مجھ پر اپنی رحمت کامل فرما اور اپنی برکتیں نازل فرما

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَتُبْ عَلَيَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ

اے اللہ میری بخشش فرما اور مجھ پر رحم فرما اور میری توبہ قبول کر لے کیونکہ تو بڑا توبہ قبول فرمانیوالا مہ ہربان رحم کرنیوالا ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ تَوْفِيْقَ اَهْلِ الْهُدٰى وَ اَعْمَالَ

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں اہل ہدایت کی سی توفیق اور یقین

اَهْلِ الْيَقِيْنِ وَ مُنَاصَحَةَ اَهْلِ التَّوْبَةِ وَعَزْمَ اَهْلِ

والوں کے سے عمل اور توبہ کرنے والوں کا سا خلوص اور صبر کرنیوالوں کی

الصَّبْرِ وَجِدَّ اَهْلِ الْخَشْيَةِ وَطَلَبَ اَهْلِ الرَّغْبَةِ وَ

سی ہمت اور خوف کرنیوالوں کی سی کوشش اور شوق رکھنے والوں کی سی طلب اور

تَعَبُّدَ اَهْلِ الْوَرَعِ وَعِرْفَانَ اَهْلِ الْعِلْمِ حَتّٰى اَلْقَاكَ

متقیوں کی سی عبادت اور اہل علم کی سی معرفت یہانتک کہ میں تجھ سے جا ملوں

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ مَخَافَةً تَحْجُزُنِيْ عَنْ مَّعَاصِيْكَ

اے اللہ میں تجھ سے ایسا خوف مانگتا ہوں جو مجھ کو تیری نافرمانیاں کرنے سے روکدے تاکہ میں

حَتّٰى اَعْمَلَ بِطَاعَتِكَ عَمَلًا اَسْتَحِقُّ بِهٖ رِضَاكَ وَ

تیری فرمانبرداری کے ایسے کام کروں جن سے کہ تیری رضامندی کا حقدار بنجاؤں اور

حَتّٰى اُنَاصِحَكَ بِالتَّوْبَةِ خَوْفًا مِّنْكَ وَحَتّٰى اُخْلِصَ

تاکہ تیرے خوف سے تیرے سامنے خالص توبہ کروں اور تجھ سے شرما کر

لَكَ النَّصِيْحَةَ حَيَاءً مِّنْكَ وَحَتّٰى اَتَوَكَّلَ عَلَيْكَ فِي

خیر خواہی میں کھوٹ نہ رکھوں اور تاکہ اپنے سب معاملات میں تیری ذات پر

الْاُمُوْرِ كُلِّهَا وَحُسْنَ ظَنٍّ بِكَ سُبْحَانَ خَالِقِ النُّوْرِ

بھروسہ کرنے لگوں اور اے اللہ میں تجھ سے تیرے ساتھ نیک گمان رکھنے کا بھی طالب ہوں، پاک ہے نور کا پیدا کرنیوالا

Marfat.com

اَللّٰهُمَّ لَا تُهْلِكْنَا فُجَاءَةً وَّلَا تَأْخُذْنَا بَغْتَةً وَّلَا تُغْفِلْنَا

اے اللہ ہمیں اچانک موت نہ دے اور نہ اچانک ہماری

عَنْ حَقٍّ وَّلَا وَصِيَّةٍ

پکڑ فرما اور نہ کسی کے حق سے اور نہ کسی کی وصیت سے ہمکو غافل کر

اَللّٰهُمَّ اٰنِسْ وَحْشَتِيْ فِيْ قَبْرِيْ

اے اللہ قبر کی وحشت میں میرے لئے اُنس کا سامان کر دے

اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِيْ بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ وَاجْعَلْهُ لِيْ اِمَامًا

اور قرآن عظیم کی برکت سے مجھ پر رحم فرما اور اس کو میرا امام

وَّنُوْرًا وَّهُدًى وَّرَحْمَةً

اور میرے لئے نور اور ہدایت و رحمت کا سبب بنا دے

اَللّٰهُمَّ ذَكِّرْنِيْ مِنْهُ مَا نَسِيْتُ وَعَلِّمْنِيْ مِنْهُ مَا

اے اللہ اس کا جو حصہ میں بھول چکا ہوں وہ مجھ کو یاد کرادے اور جسکو نہیں سمجھتا اسکا علم عطا

جَهِلْتُ وَارْزُقْنِيْ تِلَاوَتَهٗ اٰنَآءَ اللَّيْلِ وَاٰنَآءَ النَّهَارِ

فرما اور رات و دن کی ہر ساعت میں اس کی تلاوت نصیب فرما

وَاجْعَلْهُ لِيْ حُجَّةً يَّا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ

اور قیامت میں اسکو میرے حق میں دلیل بنادے اے سب جہانوں کے پالنے والے

اَللّٰهُمَّ اَنَا عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ وَابْنُ اَمَتِكَ نَاصِيَتِيْ

اے اللہ میں تیرا بندہ ہوں اور تیرے بندہ کا بیٹا ہوں اور تیری لونڈی کی اولاد ہوں میری پیشانی تیرے

بِيَدِكَ اَتَقَلَّبُ فِيْ قَبْضَتِكَ وَاُصَدِّقُ بِلِقَآئِكَ

ہاتھ میں ہے چلتا پھرتا ہوں تیرے قبضے میں اور تیری ملاقات کو سچا جانتا ہوں

وَاُوْمِنُ بِوَعْدِكَ اَمَرْتَنِيْ فَعَصَيْتُ وَنَهَيْتَنِيْ فَاَبَيْتُ

اور تیرے وعدہ پر ایمان رکھتا ہوں تونے مجھ کو حکم دیا مگر میں نے نافرمانی کی اور تونے مجھ کو

Marfat.com

هٰذَا مَكَانُ الْعَائِذِ بِكَ مِنَ النَّارِ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ

روکا مگر میں نہ رُکا، یہ مقام ہے اس شخص کا جو تجھ سے دوزخ کے عذاب سے پناہ کا طالب ہے

سُبْحَانَكَ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ اِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ

معبود کوئی نہیں سوا تیرے تو پاک ہے، میں نے اپنی جان پر ظلم کیا ہے تو اب تو مجھے بخشدے

الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ

کیونکہ سوائے تیرے کوئی گناہوں کو نہیں بخشتا

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ وَاِلَيْكَ الْمُشْتَكٰى وَبِكَ الْمُسْتَغَاثُ

اے اللہ سب تعریف تیری ہے شکایت تجھ سے ہی ہے اور فریاد تیرے ہی سامنے ہے

وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَلَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ۔

اور مدد تجھ سے ہی مانگی جاتی ہے نہ قوت ہے اور نہ طاقت ہے سوائے اللہ تعالیٰ کی ذات پاک کے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْاَلُكَ بِمُحَمَّدٍ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ)

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلہ سے جو تیرے نبی ہیں۔

نَبِيِّكَ وَاِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِكَ وَمُوْسٰى نَجِيِّكَ وَعِيْسٰى

اور وسیلہ سے ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے جو تیرے خلیل ہیں اور وسیلہ سے موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے

رُوْحِكَ وَكَلِمَتِكَ وَبِكَلَامِ مُوْسٰى وَاِنْجِيْلِ عِيْسٰى

جو تیرے ساتھ سرگوشی کرنیوالے تھے اور عیسےٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے وسیلے سے جو تیری طرف سے بھیجی ہوئی

وَزَبُوْرِ دَاوٗدَ وَفُرْقَانِ (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

روح اور تیرا کلمہ تھے اور موسیٰ علیہ السلام کے کلام اور عیسیٰ علیہ السلام کی انجیل اور داؤد علیہ السلام

وَسَلَّمَ) وَبِكُلِّ وَحْيٍ اَوْحَيْتَهٗ اَوْ قَضَاءٍ قَضَيْتَهٗ اَوْ

کی زبور اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے قرآن کے وسیلہ سے اور ہر اُس وحی کے وسیلہ سے جو تو نے بھیجی

سَائِلٍ اَعْطَيْتَهٗ اَوْ فَقِيْرٍ اَغْنَيْتَهٗ اَوْ غَنِيٍّ اَفْقَرْتَهٗ اَوْ

اور ہر اُس حکم کے وسیلہ سے جو تو نے دیا یا کسی سائل کو بخشا یا کسی فقیر کو غنی کیا یا غنی کو فقیر بنادیا

Marfat.com

ضَالٍّ هَدَيْتَهٗ وَاَسْاَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِيْ اَنْزَلْتَهٗ

یا گمراہ کو ہدایت نصیب فرمائی، اور مانگتا ہوں تیرے اس نام کے وسیلے سے جو تونے موسیٰ علیہ الصلوٰۃ

عَلٰى مُوْسٰى وَاَسْاَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِيْ وَضَعْتَهٗ عَلَى

والسلام پر نازل فرمایا اور مانگتا ہوں تیرے اس نام کے وسیلے سے جو تونے زمین پر

الْاَرْضِ فَاسْتَقَرَّتْ وَعَلَى السَّمٰوٰتِ فَاسْتَقَلَّتْ وَ

رکھا تو وہ ٹھہر گئی اور آسمانوں پر رکھا تو وہ سیدھے قائم ہوگئے اور

عَلَى الْجِبَالِ فَرَسَتْ وَاَسْاَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِي

پہاڑوں پر رکھا تو وہ گڑ گئے اور مانگتا ہوں تجھ سے تیرے اس نام کے وسیلے

اسْتَقَرَّ بِهٖ عَرْشُكَ وَاَسْاَلُكَ بِاسْمِكَ الطَّاهِرِ

سے جس سے تیرا عرش قرار پکڑ گیا اور تجھ سے مانگتا ہوں تیرے اس پاک در پاک نام

الْمُطَهَّرِ الْمُنَزَّلِ فِيْ كِتَابِكَ مِنْ لَّدُنْكَ وَبِاسْمِكَ

کے وسیلے سے جو تونے اپنی جانب سے اپنی کتاب میں نازل فرمایا اور تیرے اس نام کے

الَّذِيْ وَضَعْتَهٗ عَلَى النَّهَارِ فَاسْتَنَارَ وَعَلَى الَّيْلِ

وسیلے سے جو تونے دن پر رکھا تو وہ چمک اٹھا اور رات پر رکھا تو تاریک

فَاَظْلَمَ وَبِعَظَمَتِكَ وَكِبْرِيَائِكَ وَبِنُوْرِ وَجْهِكَ

پڑ گئی اور تیری عظمت اور کبریائی کے وسیلے سے اور تیری ذات کے نور کے وسیلے

اَنْ تَرْزُقَنِيَ الْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ وَتُخْلِطَهٗ بِلَحْمِيْ وَ

سے یہ بات کہ تو مجھ کو قرآن نصیب کردے اور میرے گوشت میرے خون،

دَمِيْ وَسَمْعِيْ وَبَصَرِيْ وَتَسْتَعْمِلَ بِهٖ جَسَدِيْ

میرے کان اور میری آنکھ میں رچادے اور میرے جسم سے اس پر عمل کرالے اپنی

بِحَوْلِكَ وَقُوَّتِكَ فَاِنَّهٗ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ

قوت اور طاقت کے ساتھ کیونکہ تیری مدد کے بغیر نہ قوت ہے نہ طاقت

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ ذِی الشَّانِ عَظِیْمِ الْبُرْہَانِ شَدِیْدِ السُّلْطَانِ

اس اللہ کے نام کی برکت سے جو بڑی شان والا، بڑی پکی دلیل والا، بڑے دبدبہ

مَاشَآءَ اللّٰہُ کَانَ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ

والا ہے، جو اللہ نے چاہا وہ ہوگیا، میں اللہ تعالیٰ کی پناہ لیتا ہوں اس شیطان سے جو راندہ ہوا ہے۔

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لِیْ فِی الْمَوْتِ وَفِیْمَا بَعْدَ الْمَوْتِ (خمسًا و

